آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 20 دسمبر 2020ء بمطابق 04 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 346

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:20
عصر	4:00
مغرب	غروب آفتاب (05:45)
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:00

ایسے ہوئے لوگ سسٹم کے اصل اسٹیک ہولڈرز ہیں، چیف جسٹس پاکستان

اپنے نظام میں جمہوری اقدار کے تحت آگے بڑھیں گے، عدالتی معاملات میں وکلاء کو اعتماد میں لیا جاتا ہے، ہڑتال کا کلچر ختم کرنے پر وکلاء، ان کی قیادت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، جسٹس گلزار احمد

انصاف کی فراہمی میں بنچ اور بار کا اہم کردار ہے، وکلاء اور ججز کے درمیان دیوار کو کافی حد تک مسمار کیا ہے، وکلاء کو ججز کے ساتھ وائلٹ نہیں ہونا چاہیے، ججز کی اپوائنٹمنٹ میں وکلاء کو شامل کیا ہے

زمانہ بہت آگے نکل چکا ہے، اب یہ ناممکن ہے ہمارا کوئی فعل ہماری روایات کے منافی ہو اور اس کی پردہ پوشی کی جاتی رہے، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے کہا ہے کہ ہڑتال کے کلچر کے خاتمے پر وکلاء اور ان کی قیادت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ججز اور وکلاء میں کوئی تفریق نہیں، وکلاء اور جج صاحبان میں ہم آہنگی کا فروغ بہت اہم ہے، ہماری کوشش ہے کہ اپنے نظام میں جمہوری اقدار کو زیادہ سے زیادہ لے کر آئیں اور اسی کے تحت آگے بڑھیں گے، عدالتی معاملات میں وکلاء کو اعتماد میں لیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب بار کونسل میں سٹرائف کونسلز کے افتتاح کے موقع پر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد سرکاری سکولوں کے اساتذہ کا اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں، جبکہ پولیس مظاہرین کو بنی گالہ بڑھنے سے روک رہے ہیں

وزیراعظم کا وفاقی وزارتوں اور اداروں کی کارکردگی کا فوری جائزہ لینے کا فیصلہ

وزیراعظم نے 22 دسمبر کو 12 وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز سے کارکردگی پر بریفنگ طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور دیگر اداروں کی کارکردگی کا فوری جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیراعظم نے 22 دسمبر کو 12 وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز سے کارکردگی پر بریفنگ طلب کر لی ہے، کابینہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

جزا و سزا کی جماعتیں معاملے کو رعنہ بنا رہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

گوادر میں فینسنگ کو ایک سیاسی رنگ دے کر اسے سیاسی پلیٹ فارم پر ایک ایشو بنایا جا رہا ہے، حالانکہ یہ گوادر سیف کیپنگ انکلوژر گوادر سمارٹ سٹی کا ایک حصہ ہے

سیندک، پی ایس ڈی پی اور باڈر پر باڑ لگانے کی بات کی جاتی ہے اور پھر ان کی جانب سے خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے، جام کمال خان

ذاتی شکارگاہوں کی دیکھ بھال کے لئے فینسنگ لگانا جائز تسلیم کیا جاتا ہے لیکن گوادر جیسے اہم شہر کی نگرانی اور اس کی بہتری کے لیے کوئی بھی عمل کیا جائے تو اسے ایک ایشو کیوں بنا دیا جاتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ حزب اختلاف کی جماعتیں ہر معاملے کو متنازعہ بنا رہی ہیں سیندک، پی ایس ڈی پی اور باڈر پر باڑ لگانے کی بات کی جاتی ہے اور پھر ان کی جانب سے خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں فینسنگ کو ایک سیاسی رنگ دے کر اسے سیاسی پلیٹ فارم پر ایک ایشو بنایا جا رہا ہے۔ حالانکہ یہ گوادر سیف کیپنگ انکلوژر گوادر سمارٹ سٹی کا ایک حصہ ہے، انہوں نے کہا کہ درحقیقت یہ انکلوژر شہر کی پشت پر پہاڑی سلسلے میں بنایا جا رہا ہے اور جب تک وہ مکمل نہیں ہوتا تب تک ایک عارضی طرز کا انکلوژر رہے گا۔ فینسنگ اور اس میں ایک وسیع فرق ہے جس کا جاننا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا گوادر پورٹ فینسنگ نہیں، کیا ایک پارک، پی آر سی، کوئی یونیورسٹی یا کوئی سیکشن پارک فینسنگ نہیں ہوتا؟ انہوں نے مزید کہا کہ ذاتی شکار

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گوادر سیستان و بلوچستان کے گورنر و وفاقی وزیر زبیدہ جلال کو گفٹ پیش کر رہے ہیں

جنوری میں گیس کا کوئی بحران نہیں آ رہا، حکومت

سردی کی لہر بڑھنے سے سوئی ناردرن سسٹم میں لوڈ 9 فیصد تک اضافہ ہوا ہے

جنوری میں دو ہزار ایم سی ایف کے مقابلے جنوری دو ہزار اٹھارہ کی نسبت تیس فیصد زیادہ اور سستی ایل این جی منگوائی جا رہی ہے، ترجمان پٹرولیم و قدرتی وسائل

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے کہا ہے کہ جنوری میں گیس کا کوئی بحران نہیں آ رہا، جنوری دو ہزار اکیس کیلئے جنوری دو ہزار اٹھارہ کی نسبت تیس فیصد زیادہ اور سستی ایل این جی منگوائی جا رہی ہے۔ پٹرولیم ڈویژن کے ترجمان نے ایل این جی اور گیس پوزیشن پر جاری بیان میں کہا کہ ترجمان جنوری 2021 کیلئے 12 ایل این جی کارگوز کا انتظام کر لیا ہے کچھ کارگوز میں اضافی ایل این جی کا

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اور کزئی، ٹریفک کے المناک حادثے میں 5 افراد جاں بحق، 8 دیگر زخمی ہو گئے

کوچ خانزہ کے مقام پر دشوار گزار پہاڑی علاقے میں مبینہ طور پر ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع اورکزئی کے دشوار گزار پہاڑی علاقے میں ٹریفک کے المناک حادثہ کے نتیجے میں کم از کم 5 افراد جاں بحق اور 8 دیگر زخمی ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں پک اپ ڈرائیور اور 4 خواتین شامل بتائے جاتے ہیں۔ باخبر ذرائع اور مقامی میڈیا رپورٹ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ متحدہ عرب امارات کا دو روزہ دورہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

دورے کے دوران دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی متحدہ عرب امارات کا دو روزہ دورہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ وطن واپسی کے موقع پر پاکستان کے قونصل جنرل احمد امجد علی، ابوظہبی میں پاکستانی سفارتخانے کے ناظم الامور امتیاز فیروز گوندل، وزارت خارجہ اور یو اے ای

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حکومت نے کورونا کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر کورونا ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے کورونا کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر کورونا ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق کورونا کے بڑھتے ہوئے کیسز کے پیش نظر حکومت نے کورونا ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کر لیا اس سلسلے میں وزیراعظم نے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کے احکامات

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاور اینڈ گیس کے تمام توانائی کے منصوبے معاہدوں پر (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کی حکومتوں نے دستخط کیے تھے، عمر ایوب

پی ٹی آئی کو ورثے میں ملنے والی معیشت مسلم لیگ (ن) کی دی ہوئی، حمیازہ عوام بھگت رہی ہے، وفاقی وزیر توانائی کا ٹویٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا ہے کہ پاور اینڈ گیس کے تمام توانائی کے منصوبے معاہدوں پر (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کی حکومتوں نے دستخط کیے تھے، پی ٹی آئی کو ورثے میں ملنے والی معیشت مسلم لیگ (ن) کی دی ہوئی، حمیازہ عوام بھگت رہی ہے۔ مسلم لیگ ن

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا ہے اطلاعات کے مطابق

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں پولیو کے ایک اور کیس کی تصدیق ہو گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں پولیو کے ایک اور کیس کی تصدیق ہو گئی محکمہ صحت بلوچستان کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ہو سکتا ہے کہ وفاقی حکومت نے گوادر پورٹ کی خودمختاری چین کو دی ہو، محمد اسلم رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے علاقے بولان میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

بولان (آن لائن) بلوچستان کے علاقے بولان میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا اطلاعات کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کی ویکسین کی خریداری، حکومت بلوچستان کولڈ سٹوریج نظام کو اپ گریڈ کرنے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے، نورالحق بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) کورونا وائرس کی ویکسین کی خریداری، حکومت بلوچستان کولڈ سٹوریج نظام کو اپ گریڈ کرنے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے صوبائی سیکرٹری صحت بلوچستان نورالحق بلوچ کے مطابق بلوچستان حکومت نے کورونا وائرس کی ویکسین کی خریداری کی صورت میں اسے رکھنے کے لیے کولڈ سٹوریج کے نظام کو اپ گریڈ کرنے کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

46 سال بعد ٹرین سے سفر کیا، وفاقی وزیر ریلوے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار ریلوے سے لاہور آنے والے اعظم سواتی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حکومت ہوش کے ناخن لے، پی ڈی ایم قوم کی نمائندہ اپوزیشن ہے، سردار محمد یعقوب خان ناصر

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنماء مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے اسٹینڈنگ کمیٹی برائے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

31 جنوری کی ڈیڈ لائن ہوا ہو گئی، رائیگاری کو نئی ڈیڈ لائن دینا ہو گی، ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان

لاہور (این این آئی) اٹھارہ ویں ترمیم کے بعد سینٹ الیکشن ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ، ذمہ دار اداروں اور عوامی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری کی سردار اختر مینگل سے ان کی ان رہائش گاہ پر ملاقات

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہفتہ کی شام بلوچستان نیشنل پارٹی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں انقلاب آیا ہے کہ خواتین آگے بڑھ رہی ہیں، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ پریس کلب کے تعاون سے پہلی میڈیا اکیڈمی قائم کر رہے ہیں، حکومتِ بلوچستان خواتین کی امپاورمنٹ پر پختہ یقین رکھتی ہے

خواتین کو تعلیم اور حقوق سے محروم رکھنے کا تصور ختم ہو چکا ہے، خواتین کو میڈیا، سیاست سمیت ہر شعبے میں مضبوط بنانا ہوگا، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں یہ انقلاب ہے کہ خواتین آگے بڑھ رہی ہیں اور خواتین کی نمائندگی بھی کر رہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں ویمن میڈیا سینٹر کے زیر اہتمام "اظہار رائے کی آزادی اور میڈیا میں خواتین صحافیوں کی صلاحیت کو بڑھانا" پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی لیاقت شاہوانی نے کہا کہ کوئٹہ پریس کلب کے تعاون سے پہلی میڈیا اکیڈمی قائم کر رہے ہیں، حکومت

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمال اور شمال مغربی علاقوں میں موسم شدید سرد ہو گیا

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے شمالی علاقوں میں موسم شدید سرد رہنے کا امکان، گیس کا پریشر بھی کم، شہریوں کا احتجاج

کوئٹہ (این این آئی) وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمال اور شمال مغربی علاقوں میں موسم شدید سرد ہو گیا، صوبائی دارالحکومت میں درجہ حرارت منفی 4 اور قلات میں منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ اور گرد و نواح میں مطلع صاف ہونے کے ساتھ موسم سرد اور خشک رہا، صبح سویرے شہر میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح صوبے کے شمال اور شمال مغربی علاقوں میں بھی موسم سرد اور خشکی کی صورتحال برقرار رہی، صبح سویرے ژوب میں درجہ حرارت منفی 3، دالبندین میں 1، سبی میں 4 اور خضدار میں 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

بلوچستان عوامی پارٹی نمائندہ جماعت ہے جو بلاتفریق صوبے کے عوام کے مسائل حل کیلئے ہر فورم پر کوشاں ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی قیادت میں صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، وداسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے بلوچستان عوامی پارٹی نمائندہ جماعت ہے جو بلاتفریق صوبے کے عوام کے مسائل حل کیلئے ہر فورم پر کوشاں ہے اور عوامی کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ جماعت اسلامی ضلع ہرنائی کے ضلعی امیر مولانا نور محمد کی قیادت میں جماعت اسلامی ضلع ہرنائی کے عہدیداروں پر مشتمل ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام ہماری طاقت ہیں اور ان کی وادری کے بنا اور ان کی خوشحالی کے بنا ملک ترقی نہیں کر سکتا انہوں نے کہا کہ صوبے کے انتظامی امور، گڈ گورننس، شفافیت اور کفایت شعاری کے فروغ کے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے وفاقی وزیر غلام سرور خان کی ملاقات

عوام کی حمایت سے اپوزیشن عناصر کے افراتفری پھیلانے کے عزائم ناکام بنائیں گے، غلام سرور خان

پی ڈی ایم کی تخریبی سیاست کی پرزور مذمت، خدمت کے سفر کے سامنے انتشار کی سیاست اپنی موت آپ مر چکی، عثمان بزدار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وفاقی وزیر غلام سرور خان نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقے کی ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن پنجاب اسمبلی عمار خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں پی ڈی ایم کی تخریبی سیاست کی پرزور مذمت کی گئی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خدمت کے سفر کے سامنے انتشار کی سیاست اپنی موت آپ مر چکی ہے۔ افراتفری

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اسٹاک ایکسچینج کی بہترین پرفارمنس پی ڈی ایم بیانیے کی موت ثابت ہوئی، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی روابط شہباز گل نے کہا ہے کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی بہترین پرفارمنس پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) بیانیے کی موت ثابت ہوئی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج ڈھائی سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے، اسٹاک

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لاہور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وفاقی وزیر غلام سرور خان ملاقات کر رہے ہیں

مایوسی پھیلانے والے عناصر مایوس اور ناکام رہیں گے، شبلی فراز

ملکی ایکسپورٹس میں اضافے نے گزشتہ 10 سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے

گزشتہ شب مناظرے میں شاہد خاقان عباسی کی وہی حالت تھی جو بارڈ ٹاک میں اسحاق ڈار کی تھی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ گزشتہ شب مناظرے میں شاہد خاقان عباسی کی وہی حالت تھی جو بارڈ ٹاک میں اسحاق ڈار کی تھی۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب بیرونی دشمن انڈین کرائیکلو کے ذریعے پاکستان کے خلاف جھوٹی معلومات پھیلانے کا جرم کر رہے ہیں تو دوسری جانب پی ڈی ایم جھوٹ کا سہارا لے کر عوام میں مایوسی پھیلا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں کے جھوٹ کی تجارت رنگے ہاتھوں پکڑی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شب گزشتہ مناظرے میں شاہد خاقان عباسی کی وہی حالت تھی جو بارڈ ٹاک میں اسحاق ڈار کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ سچ کے سامنے ان کے ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید بارنے (ن) لیگی جھوٹ کے پرزے پرزے کر دیئے، ہاری ہوئی ٹیم کے ناپ کھلاڑی کی بے بسی اور لاچاری دیدنی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ایکسپورٹس میں اضافے نے گزشتہ 10 سال کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، مایوسی پھیلانے والے عناصر مایوس اور ناکام رہیں گے۔

تمام حکمرانوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے جدید مسلسل اور مستقل جدوجہد شرط اول ہے، عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا محمد ہاشم ضیغمی مولانا محمد ایوب حافظ مسعود احمد مفتی عبدالغفور مدنی حاجی محمد شاہ لالا سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ چوہدری محمد عاطف حاجی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ کے مبصرین کو نشانہ بنانا بھارتی سفاکیت اور پاگل پن کی انتہا ہے، علی امین گنڈاپور

بھارت کی جانب سے کسی بھی اشتعال انگیز کارروائی کا منہ توڑ جواب دیں گے

اقوام متحدہ کے مبصرین کو نشانہ بنانے کی کارروائی سے بھارتی انتہا پسندی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے ایل او سی پر بھارتی جارحیت اور بلا اشتعال فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے مبصرین کو نشانہ بنانا بھارتی سفاکیت اور پاگل پن کی انتہا ہے۔ اپنے بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ بھارت ایل او سی پر جنگ بندی معاہدے کی مسلسل خلاف ورزی کر رہا ہے، بھارت کی جانب سے ایل او سی پر سول آبادیوں کو نشانہ بنانا معمول بن چکا ہے، ایل او سی پر محدود قسم کی فوجی کارروائی بھارت کی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

(ن) لیگ کے "دانشوروں" نے معیشت کو دیوالیہ کے قریب پہنچا دیا تھا، حماد اظہر

عالمی ادارہ صحت اور ورلڈ اکنامک فورم پاکستان کی تعریف کر رہے ہیں اور خارجی معاملات میں بھی پاکستان کا مقام پہلے سے نمایاں بہتر ہے

ریکارڈ خسارے، خالی زرمبادلہ، مہنگی بجلی، گیس کے سودے، فالٹ گرے لسٹ ان کے چند کارنامے تھے، وفاقی وزیر صنعت و پیداوار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کے "دانشوروں" نے معیشت کو دیوالیہ کے قریب پہنچا دیا تھا، ریکارڈ خسارے، خالی زرمبادلہ، مہنگی بجلی، گیس کے سودے، فالٹ گرے لسٹ ان کے چند کارنامے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج عالمی ادارے ہماری معیشت کو اپ گریڈ کر چکے ہیں، دنیا کی معیشت کورونا کے باعث

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کوہلو میں دکانداروں نے سرکاری نرخ نامہ ہوا میں اڑا دیئے ہیں

کوہلو (آن لائن) ضلع کوہلو میں یوں تو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہریوں کو ریلیف اور ہر ممکن سہولیات کے بلند بانگ دعوے سامنے آتے ہیں مگر گزشتہ دو ماہ سے اشیاء ضروریہ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنی لگی ہیں اور ضلعی انتظامیہ ہے کہ انہیں اپنے دفتروں سے نکل کر شہر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ضلع صوابی کے عوام کے بنیادی مسائل اور حقوق کے حصول کیلئے ایوان بالا میں کردار ادا کرتا رہونگا، سینیٹر مشتاق احمد خان

صوابی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی صوبہ خیبر پختونخوا سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا ہے کہ ضلع صوابی کے عوام کے بنیادی مسائل اور حقوق کے حصول کے لئے ایوان بالا میں ماضی کی طرح مستقبل میں بھی اپنا کردار ادا کرتا رہونگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع صوابی کے امیر میاں افتخار الدین باچا کی قیادت میں ایک

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان میں مینگروز کے جنگلات بڑھنے سے سمندری حدود میں اضافہ ہوا ہے، ملک امین اسلم

جنگلات میں کاربن کی شرح ناپنے کیلئے تحقیق شروع کرا دی ہے، تین ماہ میں مکمل ہو گی، مشیر برائے ماحولیات

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے ماحولیات ملک امین اسلم نے کہا ہے کہ پاکستان میں مینگروز کے جنگلات بڑھنے سے سمندری حدود میں اضافہ ہوا ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں ملک امین اسلم نے بتایا ہے کہ جنگلات میں کاربن کی شرح ناپنے کیلئے تحقیق شروع کرا دی ہے۔ یہ ریسرچ پاکستان اور ورلڈ بینک کے اشتراک سے شروع کی گئی ہے اور 3 ماہ میں مکمل ہو گی جس سے اربوں روپے آمدن متوقع ہے۔ ٹویٹ میں انہوں نے مزید بتایا کہ وفاقی حکومت سندھ، بلوچستان کے ساحلوں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

حیدرآباد امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق تحفظ ختم نبوت و ناموس اہلبیت و عظمت صحابہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ریلوے کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنا وقت کی ضرورت ہے، اعظم سواتی

ریلوے کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، ہم نے اسکو کمرشل انٹرپرائز کی طرح چلانا ہے

مینجمنٹ اور آٹومیشن تکنیک کی کمی دیکھ رہا ہوں، محکمے کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنا وقت کی ضرورت ہے، وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ ریلوے میں مینجمنٹ اور آٹومیشن تکنیک کی کمی دیکھ رہا ہوں، ریلوے کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنا وقت کی ضرورت ہے ریلوے کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، ہم نے اس کو کمرشل انٹرپرائز کی طرح چلانا ہے، جو ہم سے نہیں ہو سکتا اسے خوری آؤٹ سورس کرنا ہے۔ اعظم خان سواتی نے ریلوے کے وزیر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار ریلوے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ چیئرمین ریلوے بورڈ حبیب الرحمان گیلانی، ڈی جی اور ریلوے نثار احمد میمن اور آئی جی ریلوے پولیس عارف نواز سمیت دیگر افسران نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ریلوے پولیس کے براس بینڈ نے وفاقی وزیر کو سلامی بھی پیش کی۔ وزیر ریلوے نے ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں مختلف محکموں کا دورہ کیا اور انہیں ریلوے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

جو بائیڈن نے مجھے فون کیا تو میں حیران تھا، پاکستانی نژاد علی زیدی

موسمیاتی بحران سے نمٹنے کیلئے ہمیں حکومت کے ایک مکمل طرز عمل کی ضرورت ہے، ٹوئٹر پیغام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نومنتخب صدر جو بائیڈن کی ماحولیات کی ٹیم کے لیے منتخب ہونے والے پاکستانی نژاد علی زیدی نے کہا ہے کہ نومنتخب صدر نے جب فون کیا تو میں حیران تھا بلاشبہ یہ میرے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز جو بائیڈن نے علی زیدی کا نام بطور ڈپٹی نیشنل کلائمیٹ ایڈوائزر نامزد کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماحولیات سے متعلق وائٹ ہاؤس کے ڈپٹی کوآرڈینیٹر علی زیدی نے اپنے حالیہ ٹوئٹر پیغام میں کہا کہ نومنتخب صدر جو بائیڈن نے مجھے فون

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لاہور مسلم لیگ ن کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت کا کام ہو چکی نالوں نے ملک کا بیڑہ غرق کر دیا ہے، سراج الحق

پی ٹی آئی کی موجودہ حکومت نے 950 دنوں میں قوم کو مہنگائی و مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے

پاکستان کو بھی غرناطہ بغداد و ثمر بخارا بنانے کی سازش تیار ہو رہی ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

حیدرآباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت مکمل ناکام ہو چکی ہے جس نے قوم کو آئی ایم ایف کا غلام بنا دیا۔ پاکستان کو بھی غرناطہ بغداد و ثمر بخارا بنانے کی سازش تیار ہو رہی ہے۔ جنہوں نے چالیس و پچاس سال حکومت کی وہ پاکستان کو نہیں بچا سکے کشمیر ہم سے چھین لیا گیا ہے جو نظریہ پاکستان کے غدار ہیں وہ کبھی بھی پاکستان میں اسلام کا نفاذ نہیں ہونے دیں گے۔ پی ٹی آئی کی موجودہ حکومت نے 950 دنوں میں قوم کو مہنگائی و مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے۔ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کو بھی قوم بار بار آزما چکی ہے۔ اسلامی نظام کے نفاذ، تحفظ ناموس

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

احتجاج ہر پاکستانی کا بنیادی آئینی حق ہے، بلوچستان پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس کے ترجمان نذر برچ، حضرت علی کوثر، حاجی سلیم ناصر، جعفر خان کاکڑ، ملک رشید کاکڑ، نجیب شاہوانی، فلاق خان کاکڑ، روزی خان غلجی، ارباب جمیل کاسی، گلزار احمد کمالزئی، دلاور خان اکزئی، نعیم ناصر، اکرم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

عالمی استعمار کو مدارس کا وجود برداشت نہیں، مولانا فضل الرحمان

مذہبی طبقہ محلاتی سازشوں کا شکار نہ ہو آج بھی فیصلے بند کمروں میں ہی ہوتے ہیں

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر اور پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ مذہب

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

20 دسمبر 2020ء

وزیراعظم کا وفاقی وزارتوں اور اداروں کی کارکردگی کا فوری جائزہ لینے کا فیصلہ

وزیراعظم عمران خان نے وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور دیگر اداروں کی کارکردگی کا فوری جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم نے 22 دسمبر کو 12 وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز سے کارکردگی پر بریفنگ طلب کر لی ہے، کابینہ کے اجلاس میں وزارتیں اور ڈویژنز تفصیلی کارکردگی رپورٹ پیش کریں گی۔ وزیراعظم کارکردگی پر سوالات کریں گے اور وزرا، مشیروں اور سیکرٹریز سے بریفنگ بھی لیں گے۔ پہلے مرحلے میں وزیراعظم عمران خان نے وزارت داخلہ اور وزارت خزانہ سے بریفنگ طلب کر لی ہے۔ وزارت صنعت و پیداوار، آئی ٹی، تجارت، نیشنل فوڈ سیکیورٹی اور وزارت منصوبہ بندی سے بھی بریفنگ طلب کی گئی ہے۔ کابینہ ڈویژن، اسٹیبلشمنٹ، پاور، پیٹرولیم اور ریونیو ڈویژنز سے بھی کارکردگی رپورٹ طلب کی گئی ہے۔ وزیراعظم 12 وزارتوں اور ڈویژنز کے ساتھ کارکردگی ایگریمنٹس پر دستخط بھی کریں گے، وزیراعظم متعلقہ وزیر، مشیر، معاونین خصوصی اور سیکرٹریز کے ساتھ آئندہ سال کی کارکردگی کا معاہدہ بھی کریں گے۔

جدید اردو غزل کے وارث۔۔۔عباس تابش

لقمان اسد

اردو زبان و ادب کے بہت سے دیگر طالب علموں کی طرح اردو زبان کے ممتاز شاعر عباس تابش سے میری شناسائی کا سبب بھی ان کا یہ شہرہ آفاق شعر ہے۔

عباس تابش نے 1975ء میں پندرہ برس کی عمر میں شعر کہنا شروع کیے اور تبھی ان کی پہلی غزل روزنامہ "آفتاب" ملتان میں شائع ہوئی لیکن یہ خوبصورت شعر عباس تابش نے 1985ء میں کہا۔ یہ شعر کہتے ہی وہ شہرت کے بامِ عروج پر جا پہنچے۔ دنیا کی کسی بھی زبان کا نثری ادب ہو یا شعری "ماں" ہر زبان کے ادیب شاعر اور لکھاری کا محبوب ترین موضوع رہا ہے۔

کوئی بھی تخلیق کار جب تک ماں کی عظمت کو موضوعِ سخن نہیں بناتا، اور اس انمول ہستی کو خراجِ عقیدت پیش نہیں کرتا وہ اپنی لکھت سے مطمئن نہیں ہو پاتا۔ عباس تابش نے جس بے نظیر انداز میں ماں کی عظمت کو اپنے شعری پیرائے میں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے، بلاشبہ وہ اپنی مثال آپ ہے۔ ماں جیسی عظیم المرتبت ہستی کی بے ریا محبتوں، رفعتوں اور پاکیزہ جذبوں کی سچی روداد کو اپنے اندر سموئے ہوئے عباس تابش کے اس شعر کا مرتبہ بھی گویا وہی ہے جو مومن خان مومن کے اس شعر کا ہے۔

گو معنی و مفہوم اور اپنی ہیئت کے اعتبار سے مذکورہ دونوں اشعار جتنے بھی مختلف ہوں، لیکن دونوں اشعار کا فکری اور شعری مقام بہت بلند و بالا ہے۔

جدید اردو غزل کے وارث عباس تابش کا اصل نام غلام عباس ہے۔ ان کا تعلق راجپوت بھٹی گھرانے سے ہے۔ عباس تابش کے آباؤ اجداد شجاع آباد کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد میلسی منتقل ہو گئے۔ عباس تابش 15 جون 1961ء کو میلسی، ضلع وہاڑی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آبائی علاقے سے حاصل کی۔ 1977ء میں میلسی سے میٹرک کیا اور میٹرک کرنے کے بعد مختلف علاقائی اخبارات کیلئے کام کرنے لگے۔ ایف اے پرائیوٹ طور پر 1981ء میں کیا۔ ایف اے کرنے کے بعد لاہور آ گئے اور روزنامہ جنگ جوائن کر لیا۔

روزنامہ جنگ میں ملازمت کے دوران ہی انھوں نے 1984ء میں بی اے کیا جبکہ 1986ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے اردو کرنے کے بعد بطور لیکچرار اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ مختلف کالجز میں تدریسی خدمات انجام دیں۔ اب گورنمنٹ کالج گلبرگ لاہور کے شعبہ اردو کے سربراہ ہیں۔ عباس تابش زمانہ طالب علمی میں گورنمنٹ کالج لاہور کے رسالہ "راوی" کے ایڈیٹر رہے۔ ان کے خاندان کے زیادہ تر لوگ تعلیم کے شعبہ سے وابستہ ہیں۔ ان کے والد علم و ادب سے والہانہ لگاؤ رکھتے تھے۔

اس لیے انھیں ابتدائی طور پر گھر میں ہی تاریخی و علمی کتب بینی کا بھرپور ماحول میسر رہا۔ بچپن میں ہی انھیں "بانگِ درا" یاد کرائی گئی لیکن عباس تابش شاعری کا سبب بھی ان کا یہ شہرہ آفاق شعر ہے۔

شاعری کی ابتداء ایک عجیب واقعہ سے ہوتی ہے۔ وہ جب نویں جماعت کے طالب علم تھے تو ایک رات وہ اپنے گھر میں نصابی مطالعہ میں مصروف تھے اور انھیں باہر سے کچھ آوازیں سنائی دیں۔ وہ جب ان آوازوں کا پیچھا کرتے ہوئے گھر کے قریب ایک باغ جسے ٹاؤن کمیٹی کہتے ہیں وہاں پہنچے تو دیکھا کہ ایک صاحب کچھ سنا رہے ہیں اور باقی مجمع واہ واہ کر رہا ہے۔ عباس تابش کو یہ منظر کچھ عجیب سا محسوس ہوا کیونکہ یہ ان کیلئے ایک نئی بات تھی۔

گھر واپس آ کر انھوں نے سوچا کہ یہ کام تو وہ بھی کر سکتے ہیں۔ بس اُسی رات انھوں نے کچھ لکھا اور ان کی شاعری کی ابتداء یہیں سے ہوتی ہے۔ عباس تابش کے بقول، اس رات جو صاحب اپنی شاعری سنا رہے تھے انھیں خبر نہ تھی کہ شاعری میں ان کے پہلے استاد یہی شخصیت ہو گئے۔

یہ شاعر تھے میلسی سے تعلق رکھنے والے نذیر اذفر۔ عباس تابش نے سب سے پہلے شعری اصلاح نذیر اذفر سے لی جبکہ لاہور آنے کے بعد ممتاز شاعر خالد احمد سے وہ اصلاح لیتے رہے اور ان کا پہلا شعری مجموعہ "تمہید" جو 1982ء میں منظر عام پر آیا اسے بھی خالد احمد نے شائع کیا۔

عباس تابش کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے اپنے تخلیقی سفر اور شعری شناخت کو اپنے اس بے مثال شعر تک محدود نہیں رکھا بلکہ وہ ایک تسلسل کے ساتھ اچھے شعر کہہ رہے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ انھوں نے نہ صرف اردو شاعری کے میدان میں اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کا لوہا منوایا بلکہ ان کی وسیع فکر اور پختہ تخلیق کا رنگ نمایاں ہو کر سامنے آیا۔

عباس تابش کی مشقِ سخن کا محور و مرکز غزل ہے۔ وہ جدید اردو غزل کے بے تاج بادشاہ ہیں۔ بلاشبہ جب بھی اردو شاعری کی تاریخ مرتب ہوگی تو عباس تابش کی غزل کو ایک معتبر اور مستند حوالہ کے طور پر اس میں شمار کیا جائے گا۔ عباس تابش کی غزل کے مختلف رنگ اور روپ ہیں لیکن ان کی غزل میں بڑی خوبی اور حسن یہ ہوتا ہے کہ ان کی ہر رنگ میں کہی گئی غزل دل پہ اثر کرتی ہے۔ شعری موضوعات پر انھیں دسترس حاصل ہے وہ اپنے شعری پیرائے میں الفاظ کا چناؤ اس عمدگی اور خوبصورتی کے ساتھ کرتے ہیں کہ سادہ سے سادہ لفظ بھی ان کے شعروں میں جب ڈھلتے ہیں تو ان الفاظ کی چاشنی، کشش اور لطافت کا معیار بہت بلند محسوس ہوتا ہے۔ وہ ایک ایسے سنجیدہ فکر تخلیق کار ہیں جن کی تخلیقات میں علم، عمل اور انسانی سربلندی کا تذکرہ نمایاں انداز میں ملتا ہے۔ انھوں نے اس عہد میں اردو غزل کی روایت اور آبرو کو جلا بخشی ہے۔

شہرہ آفاق شاعر "افتخار عارف" عباس تابش کی شاعری کے بارے میں رقمطراز ہیں:

"عباس تابش اردو غزل کی روایت کو ثروت مند بنانے والی نسل کے میرے نزدیک سب سے نمایاں شاعر ہیں۔ ایک مکمل شاعر جو غزل کی کلاسیکی روایت کے دائروں میں رہتے ہوئے مضمونِ تازہ کی نئی راہیں نکالتا ہے اور غزل یہ غزل اور کتاب یہ کتاب بلندیوں کی طرف گامزن ہے۔ عباس تابش اپنی نسل کے مقبول ترین شاعروں میں سے ہیں"۔

عباس تابش کی شاعری اس عہد کا وہ سچ ہے جس کی آواز اور گونج ہر سمت سنائی دیتی ہے۔ وہ زندگی کے ہر احساس کو مکمل کر اپنے اشعار میں بیان کرتے ہیں۔ ان کی شعری ریاضت، تخلیقی فکر، شعر و سخن کے فن کا تسلسل اور روز افزوں ان کی مقبولیت اس بات کا بین ثبوت ہے کہ شاعری ہی ان کا پہلا اور آخری عشق ہے۔ عباس تابش اردو غزل اور روایت کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"روایت جو ہے یہ ایک بڑا جنگل ہے اور شاعر کیلئے اس جنگل میں جانا بھی بہت ضروری ہے۔ بہت سے شعراء ہمارے جو کہ کم درجہ کے شاعر ہوتے ہیں وہ اس جنگل میں کھو جاتے ہیں۔ ان کو واپسی کا راستہ نہیں ملتا لیکن وہ شاعر جس نے اپنا جواز پیدا کرنا ہے موجودہ عہد کیلئے اور آنے والے عہد کیلئے وہ اس جنگل سے راستہ بنا کے باہر آتا ہے، اور ایک ایسی روایت کے ساتھ آتا ہے جو تازگی سے لبریز ہوتی ہے۔ تازگی جو ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب سے بڑی چیز ہے غزل کیلئے۔ نیا شاعر جو آتا ہے اس کی غزلوں میں ابتدائی طور پر بڑی تازگی ہوتی ہے۔ یہ نیچرل ہوتی ہے لیکن اگر اُس کا مطالعہ ہے، اور روایت کے جنگل میں گیا ہے، پھر وہاں سے نکلا ہے تو میرا خیال ہے وہ اپنی تازگی کو دیر تک قائم رکھ سکتا ہے۔ اس کی تازگی کبھی ختم نہیں ہوگی اور جو ایسا نہیں کرتے وہ پھر اپنی تازگی کو جلد بسر کر لیتے ہیں اور پھر اس کے بعد یا شاعری چھوڑ دیتے ہیں یا ان کی شاعری میں نئے مضامین اور تازگی دیکھنے کو نہیں ملتی"۔

قادر الکلام شاعر احمد ندیم قاسمی عباس تابش کی شاعری کو ان الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں:

"عباس تابش کے نزدیک شعر ایک ذاتی واردات کا درجہ رکھتا ہے۔ وہ اسے کوئی نظریہ یا کوئی فلسفہ نہیں سمجھتا، اگر اس کے اشعار پڑھتے ہوئے آپ پر بھی وہی کیفیات وارد ہوتی چلی جائیں تو ٹھیک ہے ورنہ دوسری صورت میں عباس تابش آپ کو مجبور تامل نہیں کرے گا کہ یہ اس کا مسلک نہیں۔ وہ تو اپنی بات اپنے انداز میں کرتا چلا جاتا ہے۔ کوئی اس کے تجربے کا حصہ دار ٹھہرتا ہے تو ٹھیک ہے اور اگر کوئی اس کے تجربے کا حصہ دار نہیں بن پاتا تو بھی ٹھیک ہے کہ عباس تابش اپنی طبیعت میں نیاز رکھتے ہوئے بھی ذرا ہٹ دھرم واقع ہوا ہے"۔

عباس تابش کا تخلیقی سفر کامیابی کے ساتھ جاری و ساری ہے۔ اب تک ان کے چھ شعری مجموعے منظر عام پر آ چکے ہیں جن میں "تمہید"، "آسمان"، "مجھے دعاؤں میں یاد رکھنا"، "پروں میں شام ڈھلتی ہے"، "رقصِ درویش"، "شجر تسبیح کرتے ہیں" اور کلیات "عشق آباد" شامل ہیں جبکہ ان کا شعری انتخاب "سلسلہ دلداری کا" بھی چھپ کر منظر عام پر آ چکا ہے جسے شکیل جاذب نے مرتب کیا ہے۔

وسٹرا ڈیمس

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

خالق کائنات نے انسان کو ظاہری باطنی طور پر ایک شاہکار تخلیق کیا وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان اپنی ظاہری خصوصیات سے تو زمانے کو حیران کرتا ہی آیا ہے لیکن اُس کے باطن میں جو جہاں آباد ہیں جو لطائف یا روحانی یونٹس بند پڑے ہیں اُس پر کم ہی غور کیا ہے جبکہ حضرت علی کا فرمان ہے کہ خدا نے تیرے اندر ایک جہاں آباد کیا ہے تو اُس سے بے خبر ہے' رب ذوالجلال ہر دور میں انسانوں کو مختلف صلاحیتوں سے مالا مال کر کے دنیا میں بھیج کر اہل دنیا کو حیران کر دیتا ہے انسان کے ہزاروں روپ ہیں وہ اپنی صلاحیتوں کا اظہار بھی مختلف انداز سے کرتا آیا ہے کچھ انسانوں کو خدا کی ذات باطنی روحانی صلاحیتوں سے لبریز کر کے دنیا میں بھیجتی ہے ایسے انسان جو باطنی کھوج تجسس کی بنا پر روحانی اشغال علوم سیکھ کر پھر آنے والے دور کی پیش گوئی کرتے ہیں یہ صلاحیت کسی انسان کے پاس مستقل نہیں ہوتی یہ خدا کا خاص کرم ہوتا ہے وہ جب چاہے کسی کو عطا کرتا ہے۔ اور جب چاہے اُس سے چھین لیتا ہے یعنی لطیفہ قلب یا دماغی سکرین پر کائنات میں بکھرے کائنات کے راز خدا کی مرضی سے منتقل ہوتے ہیں اگر خدا نہ چاہے تو کسی انسان کو یہ صلاحیت حاصل نہیں ہوتی یہ صرف اور صرف عطیہ خداوندی ہے جو اللہ تعالیٰ مخصوص بندوں کو عطا کرتا ہے فطری طور پر ایسے روحانی انسانوں میں عام انسانوں کی نسبت کھوج تجسس کی حس زیادہ ہوتی ہے ان کے اندر وہ جنون مستقل مزاجی ہوتی ہے جس کے بل بوتے پر یہ بھی روحانیت تصوف کے مشکل ترین مجاہدوں سے گزر کر اپنی خوابیدہ روحانی صلاحیتوں کو بیدار کر کے لوگوں کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔

جب ایسے روحانی لوگ اپنی باطنی قوتوں کو بیدار کر لیتے تو پھر مستقبل کے اندھیروں کے پار جھانکنے کی صلاحیت حاصل کر لیتے ہیں یہ بھی خدا کی تخلیق کا نرالا پن ندرت تنوع ہے جو رب تعالیٰ مختلف قسم کے شاہکار پیدا کر کے اہل دنیا کو حیران کر دیتا ہے ایسے روحانی لوگ جو آنے والے وقت کے واقعات حادثات نشیب فراز کا بتاتے ہیں یہ بے بس مجبور ہوتے ہیں وہی انفارمیشن بتاتے ہیں جو اللہ ان کو دیتا ہے اور یہ صلاحیت خدا کے ہاتھ میں ہوتی ہے انسان بے بس خدا کے پیغامات کا انکار کرتا ہے ایسے روحانی لوگ ہر دور میں دنیا کے چپے چپے پر اللہ تعالیٰ پیدا کرتا آیا ہے جنہوں نے اپنی روحانی پیشن گوئیوں سے اہل دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ایسے لوگ کسی خاص مذہب علاقے کے لیے قید نہیں ہیں یہ کسی بھی مذہب علاقے میں اللہ تعالیٰ اپنی مرضی سے پیدا کر دیتا ہے یہاں پر ہم مغرب اور مشرق کے دو ایسے انسانوں کا ذکر کریں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے آنے والے وقت کے بارے میں جھانکنے کی صلاحیت دی تھی۔

مسلمانوں میں نعمت اللہ شاہ ولی جو بزرگ اور ولی اللہ ہونے کے ساتھ فارسی شاعر بھی تھے دوسرے یورپ کے مشہور نوسٹراڈیمس جس کی پیشن گوئیوں نے پچھلی پانچ صدیوں سے اقوام عالم میں تہلکہ مچایا ہوا ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اُس کی 942 پیشن گوئیوں میں سے 850 درست ثابت ہو چکی ہیں اُس کی کتاب پچھلی چار صدیوں سے سب سے زیادہ بکنے والی کتاب ہے اس کا تعلق قدیم یہودی خاندان سے تھا اس کے اجداد اسپین سے ہجرت کر کے فرانس آئے تھے کیونکہ اسپین پر عیسائیوں کے قبضے کے بعد مسلمانوں کے ساتھ ساتھ یہودیوں پر زندگی تنگ کر دی گئی تھی اس کا خاندان یہودی کے قدیم قبیلے ابن عساکر سے تعلق رکھتا تھا جو صدیوں سے پراسرار علوم میں مشغول اور ماہر تھا یہ وہ دور تھا جب ایسے علوم کے ماہرین کو زندہ جلا دیا جاتا تھا اس لیے یہ خود کو چھپا کر رکھتے تھے اب یہ فرانس میں آ گئے تو یہاں پر آ کر عیسائی مذہب قبول کر لیا 14 نومبر 1503ء کو اس خاندان میں نوسٹراڈیمس نامی بچہ پیدا ہوا اس بچے نے اپنے نانا سے تعلیم حاصل کی اس نے صرف بارہ سال کی عمر میں ایک دوست بچے کے بارے میں پیشن گوئی کی یہ لڑکا گھوڑے کے ٹاپوں کے نیچے آ کر مارا جائے گا پھر چند دن بعد وہ لڑکا اسی طرح مارا گیا تو اُس لڑکے کی ماں نے نوسٹراڈیمس پر مقدمہ کر دیا جس میں نوسٹراڈیمس عدم ثبوت کی بنا پر رہا ہو گیا نانا سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد یہ لڑکا فرانس کی علم طب کی یونیورسٹی میں داخل ہو کر طب کی اعلیٰ ڈگری حاصل کر کے ڈاکٹر بن جاتا ہے۔

ڈاکٹر بننے کے بعد وہ مختلف جگہوں پر جا کر طاعون کے مریضوں کا علاج کرتا رہا اس طرح 26 سال گزر گئے وہ ڈاکٹری میں ہی گم رہا اسی دوران اس کی شادی ہو گئی جس سے اس کے دو بیٹے پیدا ہوئے لیکن چند سالوں میں ہی اس کے دونوں بچے اور محبوب بیوی طاعون کی بیماری سے وفات پا گئے یہ صدمہ اس کی زندگی کا رخ موڑ گیا اس کا دل مادی دنیا سے اچاٹ ہو گیا اس نے اپنا گھر جائیداد بیچ دی اور طویل سفر پر روانہ ہو گیا مختلف ممالک میں روحانی پراسرار علوم کے ماہرین سے ملاقاتیں کیں ان سے مختلف علوم سیکھے پھر فارس مصر کے ملکوں میں بھی لوگوں سے ملا ان ممالک کے سفر کے بعد وہ مکمل طور پر بدل چکا تھا اب اس کی باطنی صلاحیتوں کے اظہار کا وقت آ گیا تھا اس کی باطنی قوتیں بیدار ہو گئیں (جاری ہے)

براہوئی زبان کا شاعر غلام نبی صیاد شاہوانی صاحب کا مختصر تعارف؛

عابد عمر
جنرل نالج بلوچستان

"غلام نبی" تخلص صیاد غلام نبی صیاد 12 دسمبر 2001ء کو کلاتہ کوچہ میں پیدا ہوا۔ ان کی ابتدائی تعلیم ضلع کوئٹہ کلی سردہ میں ہوا تیسری کلاس تک سرکاری سکول میں پڑھا اس کے بعد پرائیویٹ سکول میں داخلہ لیا جو کہ کلاس ہشتم تک ریگولر پڑھا ان کے بعد کچھ مصروفیات کی وجہ سے اپنے تعلیم ریگولر جاری نہیں رکھ سکا۔ اسی وجہ سے کلاس نہم کلاس دہم حتیٰ کہ آئیف آئیس سی تک پیپرز پرائیویٹ امیدوار کی حیثیت سے امتحانات دیا اور کامیاب ہوتے رہے۔ غلام نبی شاہوانی نے کہا کہ مجھے شاعری کا شوق دو ہزار سولہ میں پیدا ہوا لیکن دو ہزار اٹھارہ میں شاعری کا آغاز براہوئی زبان کا ایک مشہور شاعر استاذ محترم قابل احترام عبدالکریم عابد عجب خان ساحل سے شاعری کا آغاز کیا۔ اس وقت غلام نبی صیاد شاہوانی صاحب نے مثنوی، آزاد نظم، مرثیہ وغیرہ لکھے ہے البتہ اچھے شاعر کو یہ سہولت حاصل ہوتی ہے کہ جس لمحے اس کے ذہن پر خیال وارد ہوتا ہے اسی لمحے وہ اسے الفاظ کا جامہ پہنا لیتا ہے۔ چونکہ اس کی متعدد بحروں پر مشق ہو چکی ہوتی ہے اس لئے اسے یہ جاننے میں دیر نہیں لگتی کہ اس مضمون کو کون سی بحر میں موزوں کرنا ہے۔ شاید اسی لیے کچھ دوست دعویٰ کرتے ہیں کہ "خیال اپنے بحر قافیہ ردیف سمیت وارد ہوتا ہے۔ اس کے برعکس نئے شاعر پر جب کوئی عمدہ خیال مہربان ہوتا ہے تو شاعر چونک جاتا ہے لیکن اس چونکا دینے والے خیال کو جب وہ بحر قافیہ اور ردیف کی کسوٹی سے گزار کر داد و تحسین کے لیے منظر عام پر لاتا ہے تو پڑھنے والے "ہیں؟؟" کر کے رہ جاتے ہیں۔ اس کی مثال یوں لے لیجیے کہ جب کسی جہاں دیدہ سمجھدار خاتون کے گھر خوبصورت بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ بہترین ملبوس میں دیکھنے والوں کے سامنے لاتی ہے۔ ہر کوئی کہتا ہے "ماشاء اللہ بہت خوبصورت ہے۔" لیکن ویسا ہی خوبصورت بچہ کسی کم عقل، پھوہڑ خاتون کے گھر پیدا ہو تو وہ اسے کبھی زیادہ تنگ اور کبھی زیادہ کھلے کپڑے پہنا پہنا کے اتار اتار کے ادھ موا کر دیتی ہے۔ آخر قدرے تنگ یا کھلے لباس میں دیکھنے والوں کے سامنے لاتی ہے۔ دیکھنے والے تو پھر یہی کہیں گے کہ "بیٹا! بچہ تو چلو اچھا ہی ہے لیکن کپڑے تو اسے ڈھنگ کے پہنا دو!"

جب بھی کوئی عمدہ خیال آپ کے ذہن پر کوندے اسے ذہن میں ایک حتمی شکل دینے کی کوشش کریں۔ اگرچہ نیا خیال ابتداء چونکا دینے والا ہوتا ہے لیکن غور و فکر اسے مزید نکھار بخشنے کے لیے ضروری ہے پھر اس حتمی شکل کو عمدہ نثر کی صورت میں ایک کاغذ پر تحریر کر کے تصدیق کر لیں کہ یہ وہی خیال یا مضمون ہے جس پر آپ مشق کرنا چاہتے ہیں؟ پھر اس نثر میں موجود اہم الفاظ کے مترادفات اور اچھی اچھی ترکیبیں بھی لکھ لیں۔ یاد رہے یہ مترادفات اور تراکیب آپ اپنے شعر کو وزن میں لانے کے لئے اور اسے مزید پر اثر بنانے کے لیے استعمال کر سکیں گے۔ مثال کے طور پر آپ عشق، پیار، محبت اور الفت میں سے یا ہجر، جدائی، فراق اور بچھڑنا وغیرہ میں سے ایسے لفظ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ جو وزن کی ضرورت، شعر میں استعمال ہونے والے دیگر الفاظ کی رعایت اور مضمون کی مناسبت کے پیش نظر زیادہ بہتر ہو۔ اسی طرح "آنکھ کا نور" یا "نور العین" اور "تر پہ دل" یا "دل بسل" جیسی تراکیب میں سے بہتر کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

لیکن ایک خاص بات یہ ہے کہ غلام نبی شاہوانی صاحب نے دو کتابوں پر کام شروع کیا ہے ایک سو پچاس صفحے مکمل ہوا ہے لیکن آب تک منظر عام پر نہیں آیا ہے کتابوں کا نام یہ ہیں "مہرا تابرم" اور "غم تابرم"

غلام نبی صیاد صاحب کا کچھ آشعار

مہرا تابرم نا کچو شاعری
غلام نبی صیاد

غزل

نن مدانا تہار منتگ ،
بندغے ہر نہار منتگ ،
ہشمہ بلازرس کرک انصاف
ظلم کانن تو ار منتگ ،
واکتا زہلا تو دھرتی ئی
بلبلا تا شکار منتگ ،
پاہرادے کرون ترقی نن
پال دیرٹ اوار منتگ ،
دے پدے آن زندگی ئی غم
بس ودی غم ہزار منتگ ،
اف آرام زندگی صیاد
تین کنے آ ڈغار منتگ ،
اسے چین غزل کس بندا کتاب نا

2 غزل

امر نکر کرین پرغان تینے
کے فٹ فٹ آ امر بلتان تینے
سیاہونہ قریبا تا کے مسن
کے چین اچ کتون گدان تینے
نکاو دشمن تا مسر ختک بڑزا
کے لکن زنچنگ گران تینے
ئی پالیلو تیا فرخ انت حمک
کرین محنت ولے خیران تینے
کنے کشار تیا ایلمی آن
امر پاوک نمالی جان تینے
بلکک خوشبو صیاد اعلم تہوئی
ہرا صحرا ہیت گوہان تینے
غم تابرم نا کا ایک شاعری

غزل

عشق لکھ یزید منتگ ،
بے قراری مزید منتگ ،
شار بازارئی مصر نا ہر
حسن یوسف خرید منتگ ،
آہنہ کس تینا گلا باتون
توکسس شہ مرید منتگ ،
نوہا پوکنے خدار و نم
تخ تخی او تا دید منتگ ،
ایلمی آدا دورئی اعلم
واجہانٹ فرید منتگ ،
التو است نے دروئی ئے
سینہ ئی غم شدید منتگ ،
کائم اکل امید دنیائی
بے جی نا امید منتگ ،
انت قہرس خدا نا بس تما
اوکنے آن بعید منتگ ،
دیرے پال، جتا کرو کا ہر
اینو او ہم بلید منتگ ،
اے نا کری مرد صحابی تو
دین ئی کس شہید منتگ ،
امتے نا سلام بی بی ئی
واسہ ہم مستفید منتگ ،
نت تیان بوک الوکا نجل نا
زندگی بر سعید منتگ ،
پدر و کا چنا بلا بش کیک
عمر ئے کن رشید منتگ ،
چاوہ کنک صیاد گوازی ئے
عالم تا مرید منتگ ،

جدید جنگی ہتھیار۔۔۔۔۔۔۔۔۔"کے اسٹریٹ"

قربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

خلیجی ریاستیں اب تک تقریباً 100 بلین ڈالر اس مہم جوئی پر خرچ کر چکی ہیں، جو انہوں نے پچھلے تین سال سے سفارتی تعلقات کے خراب ہونے کے بعد شروع کر رکھی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ پومپیو نے امریکا قطر اسٹریٹیجک مذاکرات کا افتتاح کرتے ہوئے اس بات کا اعلان کیا کہ خلیجی ریاستوں کے تنازعات اب ماضی کا حصہ ہیں، یہ ریاستیں ایک دوسرے کے خلاف نظرتوں کو دفن کر کے سفارتی تعلقات کا نئے سرے سے آغاز کر چکی ہیں لیکن پومپیو کے بیان کے برعکس 100 بلین ڈالر کی خطیر رقم یہ ظاہر کرتی ہے کہ سفارتی تعلقات کی تجدید میں ابھی مزید وقت لگے گا۔ اصل موضوع یہ ہے کہ 3 سال پہلے دو خلیجی ریاستوں کے سفارتی تعلقات ختم ہونے کے بعد سے قطر اور متحدہ عرب امارات نے مہم جوئی کیلئے واشنگٹن میں کتنی رقم خرچ کی ہے۔ رقم کا زیادہ حصہ ایک دوسرے کے خلاف لڑائی میں خرچ ہوا۔ ابوظہبی نے دنیا کے سامنے قطر کو ایک دہشتگرد بدمعاش ریاست کے طور پر پیش کیا جبکہ دوحہ نے اپنے دفاع میں خود کو ایک بھروسے کے قابل مغربی اتحادی کے طور پر پیش کیا۔

فلاح بین الاقوامی پالیسی مرکز کے ڈائریکٹر فارن انفلوئینس بن فرامین نے "مڈل ایسٹ آئی" کو بتایا کہ موجودہ حالات میں جتنا میں سمجھ سکا ہوں یہ ایک بڑی جنگ ہے، یہ جنگ جون 2017ء سے اب تک جاری ہے۔ 2017ء میں سعودی عرب، بحرین اور دبئی نے قطر پر اخوان المسلمون کی مدد کا الزام لگاتے ہوئے اس پر پابندی عائد کر دی تھی۔ متحدہ عرب امارات اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے اس جنگ میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے، 2016ء سے 2017ء تک بالترتیب 4، 10 ملین ڈالر سے 4، 21 ملین ڈالر قطر مخالف مہم جوئی میں خرچ کیے گئے ہیں۔ قطر نے بھی اپنے مخالفین کی طرف پیش قدمی کرتے ہوئے ٹھیک انہی کی طرح اس مہم جوئی کیلئے اسی مدت کے دوران اپنا بجٹ تین گنا کر دیا، یعنی 4 بلین سے 12 بلین تک لابنگ میں خرچ ہوئے۔ مرکز برائے ذمہ دار سیاست کے مطابق اثر و رسوخ کی یہ جنگ اس وقت اپنے عروج پر ہے، قطری حکومت نے 16 کمپنیوں کی خدمات حاصل کی ہوئی ہیں جبکہ متحدہ عرب امارات نے 8۔ دونوں ریاستوں نے 2016ء کے بعد سے 5 مزید کمپنیوں کو شامل کیا ہے۔

واشنگٹن کے تجزیہ نگار اور فاؤنڈیشن فور ڈیفنس ڈیموکریز کے سینئر نائب صدر نے کہا کہ امریکا کی حد تک جب سے میں دیکھ رہا ہوں تب سے ابھی تک اس جنگ میں مسلسل رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ یہ بات یقینی ہے کہ ساری رقم محض اس مہم جوئی میں خرچ نہیں ہو رہی بلکہ اس کا ہدف ایک دوسرے کی مخالفت ہے اور یہ صورتحال مستقبل کی اچھی پیشگوئی نہیں کرتی۔

فرامین جنہوں نے تین ملکوں کی لابنگ پر ایک تفصیلی رپورٹ لکھی ہے، ان کے مطابق اس جنگ میں تیزی ٹرمپ کے الیکشن جیتنے کے بعد آئی ہے، ان ملکوں کی کوشش کی وجہ سے بین الاقوامی طور پر قطر اکیلا رہ گیا اس کا بائیکاٹ کیا گیا اور قطر بے آسرا کر دیا گیا۔ فرامین نے مزید کہا کہ وہ ایک لمحہ تھا جب ہم نے دیکھا کہ قطر نے اس حقیقت کو جان لیا کہ ان کیلئے امریکا میں مشکلات ہیں، وہ سعودی اور متحدہ عرب امارات سے اثر و رسوخ میں بہت پیچھے ہے، اس کے بعد قطر نے آگے بڑھنا شروع کیا اور زیادہ سے زیادہ طاقتور فرمز کو مخالفین کے خلاف لابنگ کیلئے اپنی طاقت اور اپنا ہتھیار بنایا۔ ان ملکوں کا اثر و رسوخ ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ واضح نظر آیا، جب انہوں نے قطر کا بائیکاٹ کیا اور ٹرمپ نے قطر کو کنارے لگاتے ہوئے سعودی عرب کا دورہ کیا تاہم ایک سال سے بھی کم عرصے میں وائٹ ہاؤس میں قطر کی ایک اہم شخصیت کی امریکا کے دوست کی حیثیت سے میزبانی کی، وائٹ ہاؤس تک راستہ ہموار کرنے میں قطر لابی نے بہت محنت کی تھی۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

NLINE

سندھ حکومت کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔بلاول بھٹو

ضلعی انتظامی سسٹم

میر اسلم رند

جناب وزیر اعلیٰ صاحب آئے روز کے تجربات سے ضلعی انتظامی سسٹم تباہ ہو گیا ہے،

کل وزیر اعلیٰ بلوچستان جناب جام کمال صاحب نے ایک لیٹر ایشو کیا ہے جس میں یہ صادر فرمایا گیا ہے کہ تین ضلعوں میں لیویز کو پولیس کے ماتحت کر دیا گیا ہے جناب وزیر اعلیٰ صاحب پہلے ہی پولیس آڈر 2001 اور جوڈیشل اختیارات 2008 کے بعد ضلعی انتظامیہ کے اختیارات کو سلب کیا ہے اوپر سے سونے پر سہاگہ کا کام آپ نے کل کر دیا، اگر اس کے ساتھ ایک اور لیٹر بھی ایشو کر دیتے تو سب کی جان چھوٹ جاتی وہ یہ کہ ضلعی انتظامی سسٹم کو ختم کر دیا جاتا ہے، نہ ہوتا بانس نہ بجتی بانسری؟ عوام کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ 2001 پولیس آڈر نافذ ہونے سے پہلے پولیس کے ضلعی آفیسرز ایس ایس پی صاحبان کے (اے سی آر) پر ڈپٹی کمشنر کا سائن ہوا کرتا تھا اور جوڈیشل اختیارات بھی ڈپٹی کمشنر کے پاس ہوا کرتے تھے یہی وجہ تھی کہ ضلع میں تمام امن امان کا ذمے دار ڈپٹی کمشنر ہوا کرتا تھا اس وقت امن امان بھی مثالی ہوا کرتا تھا لیکن 2001 میں پولیس آڈر نافذ العمل ہونے کے بعد ایس ایس پی صاحبان کے (اے سی آر) لکھنے کا اختیار سی پی او صاحب کے پاس چلا گیا اور 2008 میں ہی جناب چیف جسٹس آف پاکستان نے جوڈیشل اختیارات بھی اپنے عدالتی مجسٹریٹ صاحبان کو دے دیئے یہی وجہ ہے کہ آج ملک میں امن امان و مہنگائی کا طوفان برپا ہے کچھ کنٹرول نہیں ہو پا رہا ہے، 2008 کے بعد لیویز کے اختیار ہونے کی وجہ سے پی ایریاز میں ڈپٹی کمش

شال بقیہ 1

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد قاسم خان، جسٹس محمد امیر بھٹی، جسٹس ملک شہزاد احمد، وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل عابد ساقی، ممبر بار کونسل احسن بھون، اعظم نذیر تارڑ، صدر لاہور ہائیکورٹ بار طاہر نصراللہ وڑائچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس گلزار احمد نے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں جج اور بار کا اہم کردار ہے، وکلاء اور ججز کے درمیان دیوار کو کافی حد تک مسمار کیا ہے، وکلاء کو ججز کے ساتھ دالمنٹ نہیں ہونا چاہیے، ججز کی ایوائنٹمنٹ میں وکلاء کو شامل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی حد تیں ہیں جو نئے نئے راستے نکال رہی ہیں، ہم وکلاء اور ججز میں عدالتی معاملات باہمی طریقے سے آگے لے کر بڑھ رہے ہیں، عدالتی معاملات پر وکلاء کو اعتماد میں لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ججز کی تعیناتیوں میں کامیاب ہوئے ہیں، مزید ججز بھی تعینات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جج کی بات کو سننا اچھے وکیل کا کنڈکٹ ہونا چاہیے، انسان تجربے کے ساتھ سیکھتا ہے، نئے وکلاء آتے ہیں ان میں زیادہ جوش ہوتا ہے اس لئے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ جج صاحب مجھے کام نہیں کرنے دے رہے، جج صاحب آپ کو کام کرنے دے رہے ہوتے ہیں، آپ نے سمجھنا ہوتا ہے جج صاحب آپ کو کس قسم کے کام کرنے کی اجازت دیتے ہیں تاکہ آپ اسی طرف جائیں، وکلاء کی استعداد ہونی چاہیے کہ وہ اپنے جج اور مقدمے کو سمجھیں اور باقی ججز پر چھوڑ دیں، خواہش ہے کہ وکلاء برادری اس معاملے میں ثابت قدم رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ جب میں چیف جسٹس بنے کے بعد پہلی بار لاہور ہائیکورٹ بار کے ڈنر میں شریک ہوا تھا تو اس وقت وکلاء کی قیادت نے کہا تھا کہ ہم نے ہڑتال کا کلچر ختم کر دیا ہے اور اس کے بعد پنجاب میں اور خاص طور پر لاہور میں کوئی ہڑتال نہیں ہوئی جس پر میں وکلاء برادری اور ان کی قیادت کو مبارکباد دیتا ہوں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد قاسم خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے آپ دوستوں سے صرف ایک گزارش کرنی ہے ہم تاریخ کے اس موڑ پر کھڑے ہیں جہاں ہماری اور آپ کی سرگرمیوں کو دیکھنے کیلئے مختلف ادارے موجود ہیں اور وہ اس پر برملا جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ خواہ وہ سوشل میڈیا کے فورمز ہوں، الیکٹرانک میڈیا یا پرنٹ میڈیا ہو اس پر جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے۔ زمانہ بہت آگے نکل چکا ہے، اب یہ بات ناممکن ہے کہ ہمارا کوئی فعل ہماری روایات کے منافی ہو اور اس کی پردہ پوشی کی جاتی رہے۔

شال بقیہ 2

گاہوں کی دیکھ بھال کے لئے فیس لگانا جائز تسلیم کیا جاتا ہے لیکن گوادر جیسے اہم شہر کی نگرانی اور اس کی بہتری کے لیے کوئی بھی عمل کیا جائے تو اسے ایک ایشو کیوں بنا دیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 3

کے اجلاس میں وزارتیں اور ڈویژنز تفصیلی کارکردگی رپورٹ پیش کریں گی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کارکردگی پر سوالات کریں گے اور وزراء، مشیروں اور سیکرٹریز سے بریفنگ بھی لیں گے۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں وزیراعظم عمران خان نے وزارت داخلہ اور وزارت خزانہ سے بریفنگ طلب کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت صنعت و پیداوار، آئی ٹی، تجارت، پیٹرولیم، فوڈ سیکیورٹی اور وزارت منصوبہ بندی سے بھی بریفنگ طلب کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کابینہ ڈویژن، اسٹیبلشمنٹ، پاور، پیٹرولیم اور ریونیو ڈویژنز سے بھی کارکردگی رپورٹ طلب کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم 12 وزارتوں اور ڈویژنز کے ساتھ کارکردگی ایجنڈے پر مشاورت بھی کریں گے، وزیراعظم متعلقہ وزیر، مشیر، معاونین خصوصی اور سیکرٹریز کے ساتھ آئندہ سال کی کارکردگی کا معاہدہ بھی کریں گے۔

شال بقیہ 4

بلوچستان خواتین کی امپاورمنٹ پر پختہ یقین رکھتی ہے۔ آزادی اظہار رائے کے حوالے سے انکا کہنا تھا خواتین کو تعلیم اور حقوق سے محروم رکھنے کا تصور ختم ہو چکا ہے۔ خواتین کو میڈیا، سیاست سمیت ہر شعبے میں مضبوط بنانا ہوگا۔ نیشنل انڈومنٹ فار ڈیموکریسی کے تعاون سے منعقد کی گئی پانچ روزہ ورکشاپ میں شہر کی مختلف یونیورسٹیز سے تعلق رکھنے والی طالبات نے شرکت کی تاہم بلوچستان کی یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والی طالبات نے ٹریننگ میں خصوصی طور پر حصہ لیا اس پروگرام میں خواتین صحافیوں کی صلاحیت اور تربیت کے حوالے سے ٹریننگ دی گئی اس تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد خواتین کو صحافت کے میدان میں آنے کا عملی موقع فراہم کرنا ہے تاکہ وہ دیگر شعبوں کی طرح صحافت کے میدان میں بھی مردوں کے شانہ بشانہ کام کر سکیں اس پروگرام کا آغاز 19 دسمبر ہفتہ کے روز ہوا جو کہ 23 دسمبر تک جاری رہے گا۔

شال بقیہ 5

حوالے سے بہترین اقدامات شروع کر دیے گئے ہیں بلوچستان حکومت نے ہر سطح پر شفافیت، گڈ گورننس اور کرپشن فری کلچر کو فروغ دینے کی پالیسی اپنائی ہے اور عوام کی فلاح و بہبود اور فلاح عامہ کے منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، صوبائی حکومت ناکام نہیں بلکہ کامیاب ترین حکومت ہے انہوں نے کہا کہ نام نہاد اور مسترد شدہ مذہبی اور قوم پرست جماعتیں جو کہ موجودہ حکومت کی جانب سے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر حکومت کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کر رہے ہیں دراصل یہی نام نہاد مذہبی اور قوم پرست جماعتیں بلوچستان کی بربادی اور پسماندگی کے ذمہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں بی اے پی اور حکومت شامل اتحادی جماعتیں بہتر انداز میں حکومت چلا رہے ہیں۔

شال بقیہ 6

سکڑ رہی ہے لیکن پاکستان میں مثبت گروتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت اور ورلڈ اکنامک فورم پاکستان کی تعریف کر رہے ہیں اور خارجی معاملات میں بھی پاکستان کا مقام پہلے سے نمایاں بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ ملک کو واپس اداروں سے جنگ اور کرپشن کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں انہیں حسب روایت مایوسی ہوگی۔

شال بقیہ 7

کے امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ خطاب کرتے ہوئے وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا کہ ایک بات کی میں گارنٹی دیتا ہوں کہ ریلوے کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، میرے تعلقات ریلوے کے لیے استعمال ہوں گے لیکن ریلوے میں نہ سیاست ہوگی نہ بیرونی مداخلت ہوگی۔ ہم نے اس کو کمرشل انٹرپرائز کی طرح چلانا ہے، جو ہم سے نہیں ہو سکتا اسے فوری آؤٹ سورس کرنا ہے، استعداد اور کارکردگی بڑھانی ہے، آمدنی کا براہ راست تعلق ایفیشنسی سے ہے۔

شال بقیہ 8

رسالت مآب اور ملک کی بقاء کے لیے درگاہوں و خانقاہوں کو آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان سے نہیں اور جن کا کاروبار بچے و بنک اکاؤنٹس باہر ہیں۔ یہ وطن عزیز پاکستان ہمارے پاس امانت ہے اس کی جغرافیائی و نظریاتی سرحدوں کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اس ملک کو ہم و آپ نے بچانا ہے یہی پیغام لیکر یہاں آیا ہوں۔

شال بقیہ 9

کے اعلیٰ حکام نے وزیر خارجہ کو ہوائی اڈے پر الوداع کیا۔ دورہ کے دوران وزیر خارجہ نے یو اے ای کے نائب صدر، وزیر اعظم اور دبئی کے حکمران عزت مآب شیخ محمد بن راشد المکتوم اور وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زید آل نہیان سے ملاقاتیں کیں۔ وزیر خارجہ نے دونوں ممالک کے مابین دو طرفہ تعلقات کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں اطراف نے متحدہ عرب امارات کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے وہاں مقیم پاکستانیوں کے کردار کو سراہا اور اسے دو طرفہ عوامی روابط کے فروغ کا اہم ذریعہ قرار دیا۔ وزیر خارجہ نے ابوظہبی میں متحدہ عرب امارات کے بانی شیخ زید بن سلطان النہیان کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر خارجہ نے شیخ زید گرینڈ مسجد کا دورہ کیا اور اس عظیم تہذیبی ورثے کے فن تعمیر کو سراہا اور نماز جمعہ بھی ادا کی۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا دورہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین دہائیوں پر محیط گہرے برادرانہ تعلقات کا مظہر ہے۔

شال بقیہ 10

کے رہنما احسن اقبال کی پریس کانفرنس کے رد عمل میں وفاقی وزیر عمر ایوب نے کہا کہ انہیں یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ پاور اینڈ گیس کے تمام تواناتی کے منگلے معاہدوں پر مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حکومتوں نے دستخط کیے تھے۔ پی ٹی آئی اور عوام کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ورثے میں ملنے والی معیشت مسلم لیگ (ن) کی دی ہوئی مسلم لیگ ن کے جھوٹ عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 11

گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر چوروں کی فائرنگ سے ایک شخص رحمت اللہ ولد نیاز محمد جاں بحق ہو گیا جس کی لاش کو ہسپتال منتقل کیا گیا مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 12

ہے کہ میرا خیال ہے کہ سی پیک معاہدہ کو بلوچستان اسمبلی کی پیداوار نہ بنانے کی وجہ یہ بھی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ وفاقی حکومت نے گوادر کی پورٹ کی خود مختاری چین کو دی ہو کیوں کہ 62 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری/ قرض بغیر خود مختار ضمانت کے ممکن نہیں۔

شال بقیہ 13

مطابق گزشتہ روز بولان کے علاقے قازی میں مسلح افراد نے فائرنگ کے نوبت خان ولد نورالدین کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے لاش کو ضابطے کی کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 14

مطابق قلعہ عبداللہ کے تحصیل گلستان کے 16 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہو گئی ہے محکمہ صحت کے مطابق متاثرہ بچے کے والدین بچے کو انسداد پولیو کے قطرے نہیں پلاتے تھے بلکہ مہم کے دوران اپنے بچوں کو چھپا دیتے تھے بلوچستان میں رواں سال سب سے زیادہ متاثرہ بچوں کی تعداد 25 ہو گئی ہے جو انتہائی زیادہ ہے۔

شال بقیہ 15

لیے اقدامات شروع کر دیے جب کہ محکمہ صحت کے ملازمین کا ڈیٹا بھی جمع کیا جا رہا ہے۔ کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں یوسیف کے تعاون سے کولڈ اسٹوریج سینٹرز بنائے گئے تھے جن میں منفی 70 سے 80 ڈگری سینٹی گریڈ تک ویکسین رکھنے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مارچ میں وفاقی حکومت کی جانب کورونا ویکسین کی خریداری کی صورت میں صوبے میں کولڈ اسٹوریج چین کو مزید اپ گریڈ کر دیا جائے گا سیکرٹری صحت نے جیو نیوز کو بتایا کہ کورونا کے حوالے سے قائم ادارے این سی سی نے کام شروع کر دیا ہے۔ دوسری جانب ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان علی ناصر بگٹی نے بتایا کہ محکمہ صحت نے صوبے میں سرکاری اور نجی اسپتالوں میں کام کرنے والے عملے کا ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا ہے۔

شال بقیہ 16

جاری کر دیے، صوبوں کو کورونا ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرانے کے احکامات جاری کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف سیکرٹریز صوبے میں ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کے نگران ہوں گے اور چیف سیکرٹریز بذریعہ صوبائی انتظامیہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرائیں گے۔ ذرائع کے مطابق کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کو سزائیں دی جائیں گی جبکہ جرمانے اور املاک سیل کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق صوبائی سطح پر ایس او پیز عملدرآمد اجلاس ہفتہ وار ہوں گے، چیف سیکرٹریز ایس او پیز پر ہفتہ وار اجلاس کی صدارت کریں گے اور صوبے ایس او پیز پر عملدرآمد کی ہفتہ وار رپورٹس این سی او سی کو بھجوائیں گے۔

شال بقیہ 17

بھی بندوبست ہو گیا ہے جنوری 2021 کیلئے جنوری 2018 کی نسبت 30 فیصد زیادہ اور سستی ایل این جی منگوائی جا رہی ہے، سردی کی لہر بڑھنے سے سوئی ناردرن سسٹم میں لوڈ 9 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، اسی طرح سوئی سدرن کو کراچی اور کوئٹہ میں کم پریشر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تاہم کابینہ سے منظور شدہ لوڈ مینجمنٹ پلان کے مطابق سی این جی اور پاور کیپٹو یونٹ کی گیس بند کی جائے گی ترجمان نے عوام سے اپیل کی کہ گیس کا استعمال سمجھداری سے کریں گیس کمپریسر کا استعمال غیر قانونی ہے گیس کمپریسر سے گیس پریشر میں کمی کا سبب بھی بنتا ہے۔

شال بقیہ 18

کے حوالے سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہفتہ کے روز ٹریفک کا المناک حادثہ اس وقت پیش آیا جب قلاتی ضلع اور کزئی کے دور افتادہ علاقہ چھپری فیروز خیل میں ایک مسافر فلائنگ کوچ خانزہ کے مقام پر دشوار گزار پہاڑی علاقے میں مبینہ طور پر ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی جو قلابازیاں کھاتے ہوئے گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں کوچ میں سوار 5 افراد زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے جن میں ڈرائیور اور چار خواتین شامل ہیں جبکہ مزید 8 افراد زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں کوچ ڈرائیور مشل خان سکنہ فیروز خیل بھی شامل ہے جبکہ جاں بحق زخمی دیگر افراد میں زیادہ تر خواتین اور بچے شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور مقامی افراد نے جائے حادثہ پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں اور جاں بحق زخمی افراد کو پشاور اور دیگر قریبی علاقوں کے ہسپتالوں میں منتقل کر دیا۔

شال بقیہ 19

نے انکشاف کیا ہے کہ میں نے 1974 میں آخری بار ریلوے سے سفر کیا تھا اور اس کے بعد اب بطور مسافر سفر کیا۔ اعظم سواتی وزیر ریلوے کے عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار پارلر کار سے راولپنڈی سے لاہور پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بہتری کی ضرورت ہے اسے نوٹ کیا ہے اور بہتری لائیں گے۔

شال بقیہ 20

نمائندوں کے وقار میں اضافہ کا باعث ہوگا لیکن لوٹ مار کے بادشاہوں اور کرپشن کی راجکماری کو یہ قابل قبول نہیں۔ وزیر اعظم عمران خان نے سیاست کو کرپشن سے پاک کرنے کے لئے شوآف پیٹرز کے ذریعے سینٹ الیکشن کی بات کی جو کہ جمہوریت کے حقیقی خدمت ہے۔ پی ڈی ایم کرپشن کی کشتی پر سوار ہے جس کا مقدر ڈوبنا ہے۔ یہ لوگ کرپشن کی پیداوار ہیں، کرپشن کے زیر سایہ پروان چڑھے ہیں۔ پی ڈی ایم اس طرح پاکستان کے باشعور عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتا۔

شال بقیہ 21

کیا تو میں حیران تھا، یہ میرے لیے اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے ہمیں حکومت کے ایک مکمل طرز عمل کی ضرورت ہے، ایسے طرز عمل کی ضرورت ہے جو ملازمتوں کی حوصلہ افزائی اور انصاف کو فروغ دے۔

شال بقیہ 22

کے چیئرمین سردار اختر مینگل کی رہائش گاہ جا کر ان سے ملک کی تازہ ترین سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ بلاول بھٹو زرداری اور سردار اختر مینگل کے درمیان پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی حکومت مخالف تحریک کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ بلاول بھٹو زرداری نے سردار اختر مینگل کو شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے یوم شہادت پر گڑھی خدا بخش میں ہونے والے جلسے میں شرکت کی دعوت دی۔ بلاول بھٹو زرداری اور سردار اختر مینگل کے درمیان بلوچستان کی سیاسی و سماجی صورت حال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 23

بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے پی ڈی ایم قوم کی نمائندہ اپوزیشن ہے اکتیس جنوری کی ڈیڈ لائن سے پہلے وزیر اعظم اقتدار چھوڑ دے اسلام آباد لانگ مارچ کو مذاق نہ سمجھا جائے ہم نے حکومت کے خاتمے کی جو تحریک شروع کی ہے اسکو منطقی انجام تک ہر صورت پہنچا کر دم لینگے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان از خود اسمبلی کو توڑ دیتے ہیں تو اس سے ملک آنا رکی اور سیاسی انتشار سے بچ جائیگا اور اس سے حکومت کا ہی بھلا ہوگا۔

شال بقیہ 24

موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے شمالی علاقوں میں موسم شدید سرد رہنے کا امکان ہے۔ دوسری جانب کوئٹہ میں سردی کی شدت بڑھتے ہی شہر کے مختلف علاقوں رئیسانی ٹاؤن، عارف روڈ، میر احمد خان روڈ، نجم الدین روڈ، کواری روڈ اور ملحقہ علاقوں میں سوئی گیس کا پریشر کم ہو گیا۔ سوئی گیس نہ ہونے کی وجہ سے گھر، کلینکس، ہسپتال اور مساجد سرد خانے بن گئے، گیس نہ ہونے کے باعث جہاں خواتین کو کھانا بنانے سمیت امور خانہ داری نمٹانے میں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے وہیں بچوں، خواتین اور معمر افراد کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔

شال بقیہ 25

کی سیاست کا جواب عوام کی خدمت سے دیا ہے اور دیتے رہیں گے۔ منفی سیاست کو 22 کروڑ عوام مسترد کر چکے ہیں۔ بے در پے ناکامیوں کے بعد مخالفین کو نوشتہ دیوار پڑھ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں حقیقی ترقی کا سفر شروع ہو چکا ہے اور یہ سفر تیزی سے جاری و ساری رہے گا، روکنے کی کوشش کرنے والے پہلے کی طرح ناکام رہیں گے۔ ماضی میں دانستہ طور پر بعض علاقوں کو نظر انداز کیا گیا۔ ہماری حکومت نے یکساں ترقی کا وژن دیا۔ دیہات میں کھیت سے منڈی تک سڑکوں کی تعمیر و توسیع سے خوشحالی آئے گی۔ وفاقی وزیر غلام سرور خان نے کہا کہ پی ڈی ایم ملک میں عدم استحکام چاہتی ہے۔ عوام کی حمایت سے اپوزیشن عناصر کے افراتفری پھیلانے کے عزائم ناکام بنائیں گے۔

شال بقیہ 26

آپٹیکل کی بہتر فیصد کمپنیوں کے شیئرز کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ شہباز گل نے کہا کہ مارکیٹ کی سرمایہ کاری مالیت 76 ارب 63 کروڑ سے زائد بڑھی ہے۔

شال بقیہ 27

قاسم خان لنگی حاجی صادق الدین ایڈووکیٹ مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد عارف شمشیر مفتی نیک محمد قاروقی مفتی رحمت اللہ مولانا سردار محمد نورزئی اور دیگر نے مختلف یونٹوں کے اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ظالم حکمرانوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے جہد مسلسل اور مستقل مزاجی شرط اول ہے وہی مخلص کارکن اپنے خوابوں کی تکمیل حاصل کر پاتے ہیں، جو جہد مسلسل سے کام کرتے ہیں اگر کسی انسان کو سفر کر کے ہزاروں میل دور منزل تک پہنچنا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ مستقل قدم اٹھاتا جائے۔

شال بقیہ 28

خام خیالی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کسی بھی اشتعال انگیز کارروائی کا منہ توڑ جواب دیں گے، اقوام متحدہ کے مبصرین کو نشانہ بنانے کی کارروائی سے بھارتی انتہا پسندی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اقوام متحدہ اور عالمی دنیا کو بھارتی انتہا پسند اقدامات کی روک تھام کرنی ہوگی، نازی جرمنی کے فلسفے پر عمل پیرا ہندو انتہا پسند بھارت عالمی امن کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکا ہے۔

شال بقیہ 29

بلوچستان عوامی پارلیمنٹ کے صدر حاجی شاہ زمان کاکڑ کی قیادت میں کلی سباک زئی کے ملک دلی محمد اور اس کے درجنوں ساتھیوں نے مسلم لیگ (ن) سے مستعفی ہو کر بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا اور حاجی مضاخان کاکڑ اور حاجی شاہ زمان کاکڑ پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں عوام کا حق نمائندگی ادا کرنے کیلئے خلوص نیت سے دن رات کوشاں ہیں کنرلی علاقے کیلئے ایمبولینس کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں سکولوں کیساتھ دینی مدارس کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں ہیشاک زئی علاقے کے تمام دیہاتوں کو مزید بلند و زرگھنٹے فراہم کئے جائیں گے تاکہ لوگ زرعی اراضی کو آباد کر سکے انھوں نے پارٹی میں نئے شامل ہونے والوں کو مبارکباد دی اور خوش آمدید کہا تقریب میں حاجی شاہ زمان کاکڑ فیض کاکڑ محمد جان کاکڑ و دیگر نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔

شال بقیہ 30

پر مزید ایک ارب مینگروز لگانے جاری ہے۔ ریسرچ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سالانہ 74.3 فیصد کی شرح سے جنگلات میں اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ 30 سال میں مکران کے جنگلات میں 986 کلومیٹر اضافہ ہوا۔ 30 سال قبل یہ 500 کلومیٹر کے رقبے پر تھے۔

شال بقیہ 31

کی صورت حال جاننے میں کوئی دلچسپی ہی نہیں ہے کوہلو میں دکانداروں نے سرکاری نرخ نامہ ہوا میں اڑا دیئے ہیں ان کے بقول کے اشیاء خورد و نوش سبزیاں، پھل، دودھ اور دیگر روزمرہ کی خورد و نوش اشیاء مہنگی ہوئی ہیں جس سے وہ اس ریٹ پر سبزی پھل اور دیگر اشیاء فروخت نہیں کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 32

جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کے زیر اہتمام تقریب بعنوان "ایک شام مولانا فضل الرحمن کے ساتھ" میں خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جامعہ کے طلبہ و اساتذہ نے ان کا شاندار استقبال کیا اور مہتمم جامعہ مولانا نعمان نعیم نے دینی و سیاسی خدمات کے اعتراف میں مولانا فضل الرحمان کو جامعہ بنوریہ العالمیہ کی جانب سے یادگار شلڈ پیش کی اور ان کی جامعہ آمد پر شکریہ ادا کیا، اس موقع پر جامعہ کے مہتمم مولانا نعمان نعیم، نائب مہتمم مولانا فرحان نعیم، یے یو آئی کے صوبائی سیکرٹری جنرل علامہ راشد خالد محمود سومرو، یو آئی آزاد کشمیر کے امیر مولانا سعید یوسف، شیخ الحدیث مولانا عبدالحمید خان نوری، جامعہ علوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے ناظم تعلیمات مولانا امداد اللہ، قاری عبدالمنان، مولانا غلام رسول، مولانا سیف اللہ ربانی، یے یو آئی کے رہنماء محمد اسلم نوری، مولانا عبدالکریم عابد، ڈاکٹر نصیر الدین سواتی، مولانا مولانا سمیع الحق سواتی، سید حماد اللہ شاہ، بزنس فورم کے مولانا امین اللہ، بابر قمر عالم، مولانا فخر الدین رازی سمیت یے یو آئی کے دیگر عہدیداران موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ دینی مدارس امت کے محسن ادارے ہیں۔

شال بقیہ 33

مینگل، نجیب اللہ سوہاب، جہانزیب شنواری، خلیل احمد، عابد ناصر، عزیز اللہ خان، قاری جیلانی، رحمت اللہ غزنوی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں لاہور میں انتظامیہ کی تشدد، تعلیم بچاؤ ریلی کے قائدین کاشف ادیب جاودانی، رانا عنصر محمود، عادل خلیق و دیگر اساتذہ کے خلاف FIR اور گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں، اور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر کاشف ادیب جاودانی، رانا عنصر محمود، عادل خلیق و دیگر اساتذہ کے خلاف FIR واپس لی جائے اور گرفتار قائدین و اساتذہ کو رہا کیا جائے۔ انہوں کہ حکومت اساتذہ کے خلاف بھی اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے سے باز نہ آئی۔ احتجاج ہر پاکستانی کا بنیادی آئینی حق ہے اور تعلیم کے معاملے میں حکومت کی تعلیم دشمن پالیسیاں قابل مذمت ہیں۔

شال بقیہ 34

وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد نے بعد ازاں جماعت اسلامی کے ایم این اے مولانا عبدالاکبر چترالی کے ساتھ بھی ملاقات کی۔ اور انہیں صوبائی کے مسائل سے آگاہ کرنے کے علاوہ پارلیمنٹ میں ان مسائل کو اٹھانے کی درخواست کی جس پر مولانا عبدالاکبر چترالی نے وفد کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ دریائے سندھ سنگ مرمر کے پہاڑوں، تانبا کو اور دیگر قیمتی وسائل سے مالا مال اور ذخیرہ ضلع ہے۔ لیکن بدقسمتی سے یہاں سے جو لوگ منتخب ہو چکے ہیں وہ مافیا ہے۔

شال بقیہ 35

حلقہ انتخاب سمیت پورے نصیر آباد میں عوام کو ہر ممکن بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا نصیر آباد میں معیاری سڑکوں کی تعمیر سے علاقے کے عوام اور زمینداروں کو مختلف اجناس فارم ٹو مارکیٹ آسانی سے ترسیل کرنے میں مدد ملے گی صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں پورے صوبے میں یکساں ترقیاتی عمل کو جاری رکھے ہوئے ہیں ڈھائی سالہ دور میں تمبو نصیر آباد میں ریکارڈ ترقیاتی کام پایہ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں جبکہ کئی اسکیمات پر تیزی کا کام جاری ہے علاوہ ازیں مختلف نوعیت کے دیگر اسکیمات کے پی سی ون بنائی جا رہی ہے حلقہ انتخاب سمیت پورے نصیر آباد میں جو بھی ترقیاتی اسکیمیں شروع کی جائے گی اس سے قبل عوام کے مشاورت کو ترجیح دیگے انہوں نے کہا کہ ہم نے اس سے قبل حلقہ انتخاب سمیت پورے نصیر آباد میں اجتماعی نوعیت کی اسکیمیں دیئے ہیں جن سے عوام نسل در نسل فائدہ حاصل کر رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبے کی ترقی خصوصاً نصیر آباد کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے کوشاں ہے ان شاء اللہ تعالیٰ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی جانب سے نصیر آباد عوام کی فلاح و بہبود کے لئے جلد اہم اعلانات متوقع ہیں ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت کی ڈھائی سالہ کارکردگی مطمئن خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے اور کہا کہ نصیر آباد میں خطیر فنڈز سے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی سے دیرپا اور معیاری اسکیمات عوام کے لئے سود مند ثابت ہونگے نصیر آباد عوام کے حقوق کے لئے ہر فورم پر جدوجہد کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 36

بلوچستان سے الگ پنجرہ بنایا جا رہا ہے جسکی مذمت کرتے ہیں، بلوچستان ایک ہے شمالی اور جنوبی بلوچستان نام کی کوئی چیز نہیں ہے اس تقسیم کرنے والے خود ختم جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر بی این پی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ، ارکان اسمبلی ثناء بلوچ، اختر حسین لانگو، زینت شاہوانی، بی این پی کے رہنماء ساجد ترین، موسیٰ بلوچ، غلام نبی مری، شائلہ اسماعیل سمیت دیگر بھی موجود تھے، سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا کہ گزشتہ دنوں وڈھ سے پارٹی کے مرکزی رہنماء جان محمد گرگناڑی کو اغواء کیا گیا سی سی ٹی وی فوٹیج میں اغواء کاروں کی نشاندہی بھی ہوگئی ہے جس کے بعد 22 گھنٹے تک پارٹی کارکنوں نے کوئٹہ، مستونگ، قلات، خضدار میں احتجاجی دھرنے دیئے تاہم خضدار کی انتظامیہ نے رابطہ کر کے ایک گھنٹے کے اندر اغوا کی بازیابی کی یقین دہانی کروائی پارٹی نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے احتجاج ختم کیے تاہم ہفتہ کی شام تک جان محمد گرگناڑی بازیاب نہیں ہو سکے اور اب انتظامیہ لیت و لعل سے کام لے رہی ہے جسکی ہم مذمت کرتے ہیں۔

شال بقیہ 37

کے مینار پاکستان جلسے پر ان کے اندر کی بحث اور ناکامی کی وجوہات تلاش کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج فوج سیاست میں نہیں ہے اور اپنے اپنے مقام پر فرائض سرانجام دے رہی ہے اس کے باوجود اداروں کے سربراہوں کا نام لے کر ان کیخلاف بیان بازی کی جا رہی ہے۔ آپ یہ کہتے ہیں ہم فوج کی سیاست میں مداخلت کو برداشت نہیں کرتے، وزیر اعظم عمران ان خان سے بات نہیں کریں گے تو پھر آپ کی کس سے بات ہوگی، کیا آپ کے قول و فعل میں تضاد نہیں ہے؟۔ پارلیمانی سیکرٹری معین خان علی نے گزشتہ روز ایل او سی پر بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ سے شہید ہونے والے عام شہریوں اور فوجی اہلکاروں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نریندر مودی کا اصل چہرہ د

نصیر آباد ور حلقہ انتخاب میں بلا رنگ و نسل عوامی خدمت کر رہے ہیں، محمد خان لہڑی

کارکردگی کے بنیاد پر عوام نے منتخب کیا ہے عوام کے رائے کا خیال کرتے ہوئے اجتماعی اسکیمات کو ترجیح دے رہے ہیں

ہم عوام کے اجتماعی مفادات کو اہمیت دیتے ہیں وزیر اعلیٰ جام کمال خان کے وژن کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے

لاہور، ایک بزرگ خاتون عینکیں فروخت کرنے کیلئے بیٹھی ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ نصیر آباد اور حلقہ انتخاب میں بلا رنگ و نسل عوامی خدمت کر رہے ہیں کارکردگی کے بنیاد پر عوام نے منتخب کیا ہے عوام کے رائے کا خیال کرتے ہوئے اجتماعی اسکیمات کو ترجیح دے رہے ہیں ہم عوام کے اجتماعی مفادات کو اہمیت دیتے ہیں وزیر اعلیٰ جام کمال خان کے وژن کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے ہم نے جو وعدے کئے ان کو عملی اقدامات سے پورا کر رہے ہیں ترقیاتی اسکیمات ہماری کارکردگی کا عملی ثبوت ہیں بہت جلد حلقہ انتخاب سینا مور شخصیات سینکڑوں افراد کے ہمراہ بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کریں گے۔ صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کی ترقی کے لئے ٹھوس اقدامات کیئے جا رہے ہیں صوبائی حکومت کے وژن کے مطابق بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

صوبہ تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہا ہے، میر غلام نبی عمرانی

جام کمال خان کی قیادت میں صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان ضلع نصیر آباد میں ترقیاتی کاموں کا دورہ اور ان کا افتتاح کریں گے

تمبو (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع نصیر آباد کے آرگنائزر میر غلام نبی عمرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے ضلع نصیر آباد میں بے شمار پروجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے، صوبہ تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان ضلع نصیر آباد میں ترقیاتی کاموں کا دورہ اور ان کا افتتاح کریں گے ان کے استقبال کی تیاریاں آخری مراحل میں ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع نصیر آباد میں موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

سیلز ٹیکس کا 5 فیصد صرف ٹیکسٹائل ریٹیلرز سے خریداری پر واپس ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے کیش بیک اسکیم کا اعلان کر دیا جس کے مطابق سیلز ٹیکس کا 5 فیصد صرف ٹیکسٹائل ریٹیلرز سے خریداری پر واپس ملے گا۔ ایف بی آر کے مطابق صارفین کو سہولت کیلئے ٹیکس آسان موبائل ایپ استعمال بقیہ نمبر 42 صفحہ 2 پر

بلوچستان میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے، جہانزیب جمالدینی

ٹرانسپورٹر اپنی گاڑیاں سڑک پر نہ لائیں اور نہ ہی عوام دو روز بعد سفر کریں، گوادر کو بازار لگا کر بلوچستان سے الگ پنجرہ بنایا جا رہا ہے

بلوچستان ایک ہے شمالی اور جنوبی بلوچستان نام کی کوئی چیز نہیں ہے اس تقسیم کرنے والے خود ختم جائیں گے، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر ڈاکٹر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے، خضدار کی انتظامیہ کی تعیناتی و بحالی کے باوجود بی این پی کے مرکزی رہنماء جان محمد گرگناڑی تا حال بازیاب نہیں ہو سکے دو روز میں جان محمد گرگناڑی بازیاب نہ کیا گیا تو بلوچستان بھر میں شاہراہیں بلاک کر دیں گے، ٹرانسپورٹر اپنی گاڑیاں سڑک پر نہ لائیں اور نہ ہی عوام دو روز بعد سفر کریں، گوادر کو بازار لگا کر بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کراچی، سی ویو پر پڑا کچرے کا ڈھیر انتظامیہ کا منہ چڑا رہا ہے

اوتھل پولیس نے زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس نے زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، مقدمہ درج، مزید تفتیش شروع، تفصیلات کے مطابق ہفتے کے روز اوتھل پولیس نے زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ ایک یونیک موٹر سائیکل سوار کو روک کر کاغذات طلب کیے تو موٹر سائیکل سوار کاغذات پیش نہ کر سکا بعد میں پولیس نے تفتیش کی تو مذکورہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

خضدار میں لیویز بھرتیوں میں میرٹ کی پامالی کر کے سیاسی بھرتیاں کی گئیں، عبدالظاہر

کوئٹہ (این این آئی) خضدار لیویز میں بھرتی کے امیدواروں عبدالظاہر، نثار احمد ایاکی، سمیع اللہ نے کہا ہے کہ خضدار میں لیویز بھرتیوں میں میرٹ کی پامالی کر کے سیاسی بھرتیاں کی گئیں جس کے خلاف خضدار سے کوئٹہ تک پیدل لانگ مارچ کر کے آئے ہیں آج سے تین روز تک بھوک بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

تحصیل ماچھی پور میں نادرا آفس کا عدم قیام، جس کی وجہ سے شناختی کارڈ بنوانے میں انتہائی مشکلات درپیش

ماچھی پور (نامہ نگار) تحصیل ماچھی پور میں نادرا آفس کا عدم قیام، جس کی وجہ سے شناختی کارڈ بنوانے میں انتہائی مشکلات درپیش، 20 سے 25 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے محبت پور جانا پڑتا ہے، مذکورہ مسئلے پر توجہ دیکر نادرا آفیس کا قیام عمل میں لایا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ، رپورٹ کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

جھل مگسی ڈزرٹ چیلنج ریس کا جھل مگسی میں باقاعدہ افتتاح ہو گیا

ریس میں پہلے دن اسٹاک کیٹیگری اور خواتین کیٹیگری کی گاڑیوں نے حصہ لیا

جھل مگسی (این این آئی) جھل مگسی ڈزرٹ چیلنج ریس کا جھل مگسی میں باقاعدہ افتتاح ہو گیا ریس میں پہلے دن اسٹاک کیٹیگری اور خواتین کیٹیگری کی گاڑیوں نے حصہ لیا ریس کے دوران خواتین کی گاڑیاں راستے میں خراب ہونے کی وجہ سے ریس سے آؤٹ ہو گئیں جبکہ ریسروں کا جوش دیکھنے میں آیا وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ریس کے مہمان خصوصی ہیں ریس کے ٹریک کا فاصلہ 145 کلومیٹر ہے آج اے اور بی پری میٹرز کیٹیگری کی گاڑیاں ریس میں حصہ لیں گی جس میں چیمپین نوابزادہ میر نادر خان مگسی صاحبزادہ سلطان مشہور ریسر آصف فضل چوہدری نوابزادہ میر جعفر خان مگسی و دیگر مشہور ریسر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ جیل تربت مسائل کا آماجگاہ بن چکا ہے، محمد یاسین بلوچ

جیل کے ہسپتال کیلئے ادویات کم ہیں، ادویات کا کوٹہ بڑھانے کی ضرورت ہے

تربت (آن لائن) ڈسٹرکٹ جیل تربت مسائل کا آماجگاہ بن چکا ہے، جیل بلڈنگ کی فوری مرمت کی ضرورت ہے، جیل میں بیرک کی کمی، 4 بیرک مکمل ناکارہ، ادویات کی کمی، معظم القرآن لیڈی جیلر، لیڈی سپرنٹنڈنٹ سمیت 30 پوسٹ خالی ہیں۔ ڈسٹرکٹ جیل تربت کے جیل سپرنٹنڈنٹ محمد یاسین بلوچ نمائندہ آن لائن کو بتایا کہ بلوچستان کے دوسرے بڑے شہر تربت کے ڈسٹرکٹ جیل میں 85 قیدی ہیں جو مختلف جرائم کے الزامات پر عدالت میں انکوائریں چل رہا ہے، ضلع کیچ کی آبادی 10 لاکھ ہے، آبادی کے تناسب سے ڈسٹرکٹ جیل کے بیرکس کم ہیں، 6 بیرکس ہیں، 4 بیرک مکمل ٹوٹ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک پارٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوکنڈی میں آوارہ کتوں نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی میں آوارہ کتوں نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا، بچے بچوں کو ہر وقت کتوں سے خطرہ رہتا ہے تفصیلات کے مطابق نوکنڈی شہر میں آوارہ کتوں نے عوام کا بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

عرب اتحاد کا ایران پر حوثیوں کی دہشت گردی میں معاونت کا الزام

ایران باب المندب اور دوسرے علاقوں میں حوثیوں کی معاونانہ کارروائیوں میں ان کی مدد کر رہا ہے، بیان

صنعاء (این این آئی) یمن کی آئینی حکومت کے معاون عرب اتحاد نے کہا ہے کہ اتحادی فوج نے جنوبی بحر احمر میں ایک بارودی سرنگ قبضے میں لینے کے بعد کارروائی میں سرنگ ایرانی ساختہ ہے۔

پاک ایران بین الاقوامی سرحد پر گبد ریمدان کے مقام پر کراسنگ پوائنٹ کا افتتاح کر دیا گیا

بارڈر کراسنگ ملحقہ علاقوں کے لوگوں کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لئے معاون ثابت ہو گیا

لوگوں کی نقل و حرکت اور دو طرفہ تجارت اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ کی سہولیات ملیں گی، وفاقی وزیر زبیدہ جلال

کوئٹہ (این این آئی) پاک ایران بین الاقوامی سرحد پر گبد ریمدان کے مقام پر کراسنگ پوائنٹ کا افتتاح کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو پاک ایران بین الاقوامی بارڈر کراسنگ پوائنٹ کا افتتاح گبد ریمدان میں کیا گیا تقریب میں وزیر وفاقی پیداوار پاکستان زبیدہ جلال اور ایران کے وزیر محمد اسلمی، گورنر جنرل سیستان بلوچستان، ایران میں پاکستان کے سفیر احمد علی سبحانی، رحیم حیات قریشی سمیت دیگر نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گوادر، وفاقی وزیر وفاقی پیداوار محترمہ زبیدہ جلال پاک ایران انٹرنیشنل بارڈر کراسنگ پوائنٹ گبد ریمدان کے مقام پر میگریشن سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں عوامی طاقت سے حکومت ہر صورت گرا دیں گے، مولانا عطاء اللہ رحمانی

پوری عوامی طاقت بی ڈی ایم اور جمعیت علماء اسلام کے ساتھ ہے، مفتی نیاز محمد کا مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام حلقہ سریاب مولانا عبیداللہ سندھی گلی سردہ یونٹ کی مجلس عاملہ کا اجلاس جامعہ مسجد امام ابو حنیفہ گلی سردہ میں زیر صدارت مولانا عطاء اللہ رحمانی منعقد ہوا اجلاس میں مجلس عاملہ کے اراکین مفتی نیاز محمد، مفتی ممتاز احمد عثمانی، قاری عبدالقیوم، حافظ عبدالرؤف، حافظ عمیر احمد، قاری عبدالباسط، مفتی عبدالباری، مولوی ثناء اللہ مولوی حبیب الرحمن، مولانا محمد اسحاق زہری، ترجمان سریاب یوسف وقار شاہوانی اور دیگر کابینہ کے اراکین نے شرکت کی اجلاس سے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

شہداء امت مسلمہ عزتوں کے محافظ ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

شہید کی لہو اسلام کے دفاع و ملک کی سلامتی کی ضمانت و علامت ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی نے بھارتی فائرنگ سے شہید فوجی اہلکار حمیداللہ کاکڑ کے تعزیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہداء امت مسلمہ عزتوں کے محافظ ہیں شہید کی لہو اسلام کے دفاع و ملک کی سلامتی کی ضمانت و علامت ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ سات عشروں سے کشمیری عوام کو ان کے مسلمہ حق خود ارادیت سے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے زیادہ تر افراد کا ذریعہ معاش گلہ بانی مالداری پر منحصر ہے، ڈاکٹر نثار مجید رونجھو

نمونیا سے بچاؤ کے ٹیکہ جات اور ادویات استعمال کریں مویشیوں کے لئے گرم جگہ کا انتظام کیا جائے

سندھ اور بلوچستان میں سردی کیساتھ ہی این جی کی کمی شروع ہو گئی

بیلہ (آن لائن) بلوچستان میں سردی شدید لہر میں گلہ بانی سے منسلک مالداران مویشیوں کو بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کریں سردیوں میں مویشیوں میں نمونیا کی بیماری پھیلنے کے خدشات زیادہ ہیں یہ بات ڈسٹرکٹ آفیسر بیلا ڈاکٹر نثار مجید رونجھو نے ہفتہ کے روز آن لائن سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زیادہ تر افراد کا ذریعہ معاش گلہ بانی مالداری پر منحصر ہے حالیہ سردی کی شدید لہر میں مالداروں کو چاہیئے کہ وہ اپنے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ (آن لائن) سندھ اور بلوچستان میں سردی کیساتھ ہی این جی کی کمی شروع ہو گئی سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) نے نیا گیس شیڈول جاری کر دیا گزشتہ روز سندھ اور بلوچستان میں سردی شروع ہوتے ہی این جی کی کمی شروع ہو گئی سوئی سدرن گیس کمپنی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ایم ٹی آئی آرڈیننس کے خلاف پیرا ملازمین کا احتجاج 20 ویں روز میں داخل

پیر کے دن سے تمام ملازمین کی حاضری گراؤنڈ میں لگائی جائے گی، ڈاکٹر اسفندیار

اسلام آباد (این این آئی) ایم ٹی آئی آرڈیننس کے خلاف پیرا ملازمین کا احتجاج 20 ویں روز میں داخل ہو گیا۔ گریڈ ایکس کے چیئرمین ڈاکٹر اسفندیار نے احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا آئسولیشن وارڈز میں کام کرنے والے سٹاف کا ہم پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

حکومت ٹیکسز کے نفاذ، اکٹھا کرنے کیلئے کامیاب ممالک کے ماڈل کو اپنائے، آل پاکستان انجمن تاجران

چور دروازے بند کر کے اور روایتی طریقوں کو چھوڑ کر اصلاحات کی جانب سفر شروع کیا جائے، اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معیشت کی ترقی کیلئے چور دروازے بند کر کے اور روایتی طریقوں کو چھوڑ کر اصلاحات کی جانب کامزن ہونا ہوگا، ٹیکسز کے نفاذ اور اسے اکٹھا کرنے کے طریق کار کو تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ اپنے بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

حیدرآباد، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے صوبائی صدر سید علامہ اصغر علی نقوی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گراں فروشی کسی بھی قسم کی ہو ہرگز قبول نہیں کی جائیگی، حافظ محمد طارق

اشیائے خورد و نوش کی سستے داموں عوام کو فراہمی کے لیے ضروری وسائل بروکار لائے جائیں گے

بھاگ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر بھاگ حافظ محمد طارق نے کہا ہے کہ اشیائے خورد و نوش کی سستے داموں عوام کو فراہمی کے لیے ضروری وسائل بروکار لائے جائیں گے گراں فروشی کسی بھی قسم کی ہو ہرگز قبول نہیں کی جائیگی ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ عوام کو ہر قسم کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں گراں فروش عوام کے ساتھ مناسب قیمت پر اشیاء خورد و نوش کی فراہمی کو یقینی بنائیں بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس کنٹرول بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم قائدین کیخلاف مقدمات سے حقیقی سیاسی قوتیں مزید مضبوط ہونگی، بلال خان عمرانی

اے این پی پی ڈی ایم کا حصہ ہے اس کو چاہیے کہ وہ بھی استعفے جمع کرائیں

تمبو (آن لائن) پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر بلال خان عمرانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم قائدین کیخلاف مقدمات سے حقیقی سیاسی قوتیں مزید مضبوط ہونگی اے این پی پی ڈی ایم کا حصہ ہے اس کو چاہیے کہ وہ بھی استعفے جمع کرائیں پی ڈی ایم کی جانب سے کامیاب جلسوں سے حکمران بوکھلاہٹ کے شکار ہیں لاکھوں لوگوں کی شرکت نے سلیکٹڈ و نااہل حکمرانوں کی نیند حرام کر دی ہے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

اے این پی پی ڈی ایم کا حصہ ہے اس کو چاہیے کہ وہ بھی استعفے جمع کرائیں

تمبو (آن لائن) پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر بلال خان عمرانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم قائدین کیخلاف مقدمات سے حقیقی سیاسی قوتیں مزید مضبوط ہونگی اے این پی پی ڈی ایم کا حصہ ہے اس کو چاہیے کہ وہ بھی استعفے جمع کرائیں پی ڈی ایم کی جانب سے کامیاب جلسوں سے حکمران بوکھلاہٹ کے شکار ہیں لاکھوں لوگوں کی شرکت نے سلیکٹڈ و نااہل حکمرانوں کی نیند حرام کر دی ہے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

چارلی ہیڈو کے سابقہ دفاتر پر حملہ، فرانس میں 4 پاکستانی نژاد افراد گرفتار

ایک دہشتگردی کی سازش کا الزام عائد، دیگر افراد پر بھی باضابطہ الزام عائد کیے جانے کا امکان

پیرس (این این آئی) فرانسیسی انتظامیہ نے ستمبر کے آخر میں جریدے چارلی ہیڈو کے سابقہ دفاتر کے باہر چاقو سے حملے کے الزام میں گرفتار پاکستانی نژاد شخص سے مبینہ تعلق کے شبے میں مزید 4 پاکستانی نژاد افراد کو گرفتار کر لیا فرانس کے دارالحکومت پیرس میں گستاخانہ خاکے بنانے اور شائع کرنے والے میگزین چارلی ہیڈو کے سابقہ دفاتر کے باہر چاقو کے حملے میں 4 افراد زخمی ہوئے تھے۔ غیر ملکی میڈیا بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

27 دسمبر کو گڑھی خدا بخش بھٹو میں تاریخ ساز جلسہ ہوگا، نیر حسین بخاری

جمہوریت کیلئے خون کا نذرانہ دینے والوں کے وارث بلاول بھٹو ہیں، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے کہا ہے کہ 27 دسمبر کو گڑھی خدا بخش بھٹو میں تاریخ ساز جلسہ ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا سورج گڑھی خدا بخش بھٹو کے شہیدوں کے خون کی سرخی لیکر طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت پسند قوتوں کا متحد ہونا محترمہ بینظیر بھٹو شہید کا خواب تھا۔ انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت پر عمل کرنے اور بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

عوام کرونا وبا کی شدت کا احساس کریں اور احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں، میاں اسلم اقبال

قومی معیشت تجارتی، کاروباری اور معاشی سرگرمیوں کی بندش کی متحمل نہیں ہو سکتی، صوبائی وزیر صنعت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان کو بھی کرونا کی دوسری خطرناک لہر کا سامنا ہے، کرونا وائرس کیسز کی مثبت شرح اور اموات میں اضافہ ہو رہا ہے اس لئے عوام سے اپیل ہے کہ وہ کرونا وبا کی شدت کا احساس کریں اور احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حفظان صحت کے اصولوں کو اپنا کر کرونا کے پھیلاؤ کو روکنا ہوگا۔

پنجاب میں کرونا وائرس کے بڑھتے کیسز پر مختلف شہروں میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کا نفاذ

لاہور کے 22، راولپنڈی کے 9، گوجرانوالہ کے 4، گجرات کے 3 علاقوں میں بھی اسمارٹ لاک کا نفاذ کیا گیا

لاہور/راولپنڈی/گوجرانوالہ/گجرات (این این آئی) پنجاب کرونا وائرس کے بڑھتے کیسز پر مختلف شہروں میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کر دیا گیا ہے، لاک ڈاؤن کا نفاذ 31 دسمبر 2020 تک رہے گا۔ پنجاب کے محکمہ پرائمری اور سیکنڈری ہیلتھ کیئر کی جانب سے صوبے بھر میں کرونا وائرس کے بڑھتے کیسز کے باعث لاہور کے 22، راولپنڈی کے 9 علاقوں میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

لاہور، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اور چیف سیکرٹری بلوچستان انٹرنیشنل باکسنگ مقابلوں کے دوران میچ دیکھ رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام ہی ملک میں حقیقی تبدیلی لا سکتی ہے، حاجی ولی محمد بڑیچ

چور دروازے سے اقتدار میں آنے والوں نے عوام کو مسائل سے دوچار کر دیا جس کا کوئی پرسان حال نہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام حلقہ سریاب کے چار مشترکہ یونٹوں کا نمائندہ اجلاس سے جامعہ مقاصد العلوم سریاب ولی جیت میں زیر صدارت مفتی نیاز محمد منعقد ہوا جس میں مولانا عبیداللہ سندھی گلی سردہ یونٹ کے امیر مولانا عطاء اللہ رحمانی، جنرل سیکرٹری مفتی نیاز محمد، یوسف وقار شاہوانی، حافظ عبدالرؤف، قاری مسیح اللہ، حضرت مولانا انور شاہ کشمیری یونٹ کے مولانا عبدالخالق بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ضلع قلات کے علاقے توک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) ضلع قلات کے علاقے توک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا اطلاعات کے مطابق قلات کے علاقے توک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نور احمد سکنہ توک جاں بحق ہو گیا جس کی لاش کو ضابطے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

خواتین اور بچوں کو تحفظ فراہم کیا جائے، خلیل احمد رونجہ دیگر

وندر (آن لائن) خواتین اور بچوں کو تحفظ فراہم کیا جائے خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق فراہم کیے جائیں سرکاری و نیم سرکاری نجی اداروں میں خواتین کو ملازمت کے مواقع دیئے جائیں ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز کارڈ پاکستان کے آفس ڈام بندر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کارڈ پاکستان کے چیئرمین محمد انور مونڈرو اینگ کے خلیل بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

مستقبل میں کرنا کیا ہے PDM کو خود معلوم نہیں، مبین خلجی

پی ڈی ایم کی تحریک کی کوئی سمت نہیں اور ان کا اصل ہدف صرف سینیٹ انتخابات میں تحریک انصاف کی اکثریت کو روکنے کیلئے ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے

فوج سیاست میں نہیں ہے اور اپنے اپنے مقام پر فرائض سرانجام دے رہی ہے اس کے باوجود اداروں کے سربراہوں کا نام لے کر ان کیخلاف بیان بازی کی جا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ و کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) محمد مبین خان خلجی نے کہا کہ پی ڈی ایم کو خود معلوم نہیں کہ انہوں نے مستقبل میں کرنا کیا ہے، اگر حکومت یہ کہتی ہے کہ آپ استعفے دیں گے ہم ضمنی انتخابات کرا دیں گے تو آپ کہتے ہیں ہم جلا گھیرا کریں گے، کیا ایسے ملک چلتے ہیں۔ پی ڈی ایم کی تحریک کی کوئی سمت نہیں اور ان کا اصل ہدف صرف سینیٹ انتخابات میں تحریک انصاف کی اکثریت کو روکنے کیلئے ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو چلے کامیاب ہوتے ہیں ان پر بحث شروع نہیں ہوتی جبکہ پی ڈی ایم کی گیارہ جماعتوں بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

لاہور، ریلوے اسٹیشن کے باہر بیٹھے قلی دھوپ سینک رہے ہیں

پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا قیام عمل میں لایا گیا

گندا ہ (نامہ نگار) پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا قیام عمل میں لایا گیا۔ آج شاہ زیب پندرانی رائس مل میں پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا قیام عمل میں لایا گیا اور تنظیم سازی کی گئی جس میں میر صابر خان پندرانی کو بلا مقابلہ اتفاق رائے سے پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا چیئرمین مقرر کیا بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

جھالاوان عوامی پینل وڈھ سے خان محمد گرگناڑی کی مبینہ اغوا کی مذمت کرتی ہے، میر سعید احمد قلندرانی

خضدار (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے رہنماؤں میر سعید احمد قلندرانی، میر فدا احمد قلندرانی، میر یونس مروونی، غازی اسرار احمد ساسولی اور میر ثناء اللہ مینگل نے کہا ہے کہ جھالاوان عوامی پینل وڈھ سے خان محمد گرگناڑی کی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد حسین آباد محلہ میں صفائی کا نظام درہم برہم ہر جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے، میر منیر احمد مینگل

نالیوں کا گندہ پانی گلی کوچوں میں جھیل کا منظر پیش کر رہا ہے، نائب صدر بی این پی (مینگل) جعفر آباد

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد حسین آباد محلہ میں صفائی کا نظام درہم برہم ہر جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے نالیوں کا گندہ پانی گلی کوچوں میں جھیل کا منظر پیش کر رہا ہے۔ چیف آفیسر اوستہ محمد کی عدم دلچسپی کی وجہ سے حسین آباد محلے میں کئی ہفتوں سے محلہ صفائی کیلئے نہیں آیا۔ نالیاں بند ہونے کی وجہ سے گندہ پانی گھروں میں داخل ہو رہا ہے سیکریٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان چیف آفیسر کی نااہلی کا فوری نوٹس لیں۔ ان خیالات کا اظہار بی این پی (مینگل) جعفر آباد کے نائب صدر میر منیر احمد مینگل نے میڈیا سے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

ابھی تو اقتدار عشق کے بہت سے کڑے امتحان باقی ہیں، صادق عمرانی

پارٹی تو اب شروع ہوئی ہے اور کورونا کی عوامی ویکسین تیار ہوئی ہے جس کا لگانا ابھی باقی ہے

نصیر آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ ابھی تو اقتدار عشق کے بہت سے کڑے امتحان باقی ہیں پارٹی تو اب شروع ہوئی ہے اور کورونا کی عوامی ویکسین تیار ہوئی ہے جس کا لگانا ابھی باقی ہے آر ٹی ایس کو مفلوج کر کے جو غیر حقیقی نتائج حاصل کئے گئے وہی اب گلے کی ہڈی بن چکے ہیں انہوں نے کہا کہ حقیقی قیادت کا فقدان قوم کا اصل مسئلہ ہے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی پولیس کی کاروائی، دو مفرور ملزمان گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی پولیس کی کاروائی دو مفرور ملزمان گرفتار ڈیرہ بگٹی پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ڈی ایس پی ڈیرہ بگٹی محمد اقبال کی نگرانی میں ایس ایچ او ڈیرہ بگٹی محمد اعظم تنکوری نے اپنے ٹیم کے ہمراہ ڈیرہ بگٹی میں کاروائی کر کے دو مفرور ملزمان بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

سینڈک کے ملازمین پر ظلم و جبر و ناانصافیوں کا بازار گرم ہے، کاظم بلوچ

سینڈک پروجیکٹ کے ملازمین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، سیاسی و سماجی رہنما

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی کے سیاسی و سماجی رہنما کاظم بلوچ نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینڈک کے ملازمین پر ظلم و جبر و ناانصافیوں کا بازار گرم ہے سینڈک پروجیکٹ کے ملازمین نے جرات و ہمت کا مظاہرہ کر کے اپنے بنیادی حقوق و ملازمین کے حقوق کے لئے آواز بلند کیا ہے اور احتجاجی تحریک چلانے کی کال دی ہے جسے سینڈک پروجیکٹ کی مینجمنٹ کھرا ہٹ و بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر انتقامی کاروائیوں پر اتر آئی ہیں اور ملازمین کو ملازمت سے فارغ کرنے اور تنخواہوں سے کٹوتی کرنے کی دھونس دھمکیاں بقیہ نمبر 66 صفحہ 3